Member AKNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد02 | اتوار 20 نومبر 2022ء 24 ربیع الثانی 1444ھ 06 مگھر 2079 ب | صفحات04/ قیمت15 روپے | شمارہ نمبر276

گرین الائنس زرعی شعبے میں انقلاب اور پاک امریکہ تعلقات کو مزید مستحکم کرے گا، مسعود خان

امریکی حکومت ، جامعات، تحقیقاتی ادارے زراعت کے شعبے میں پاکستان کے ساتھ ہاتھ ملانے کیلئے تیار ہیں

امریکہ میں تعینات پاکستان کے سفیر کا زرعی شعبے میں پاک امریکہ تعاون کے موضوع پر منعقدہ ویبینار سے خطاب

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکہ میں پاکستانی سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ پاک امریکہ تعلقات میں حالیہ مثبت پیش رفت سے اہم شعبہ جات بشمول زرعی شعبے میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں، گرین الائنس سے امریکی مہارت کی بدولت پاکستان کے زرعی شعبے میں انقلاب لایا جاسکتا ہے جبکہ یہ اقدام اس خیر سگالی کے جذبے کو مزید مستحکم کرے گا جو ساٹھ کی دہائیوں میں امریکی مدد سے گرین انقلاب کے نتیجے میں (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی انتخابات سیاسی جماعتوں امیدواران پولنگ ایجنٹس سپورٹرز کیلئے ضابطہ جاری سخت پابندیاں عائد

پولنگ والے دن کسی بھی قسم کے ہتھیار اور آتشی اسلحہ کو پولنگ اسٹیشن پر لے جانے یا ان کی نمائش پر مکمل پابندی ہوگی، کوئی بھی شخص پولنگ میٹریل از قسم بیلٹ پیپرز، بیلٹ باکس سے کسی قسم کی چھیڑ خانی نہیں کرے گا

بیلٹ پیپرز یا بیلٹ باکس کو نقصان پہنچانے یا چھیننے کی کوشش کرنے والے کے ساتھ تحت قانونی کارروائی کے ساتھ ساتھ جس امیدوار کا وہ شخص حمایتی ہوگا اس امیدوار کو نااہل قرار دیے جانے کی کارروائی ہوگی

پولنگ کے دن پولنگ اسٹیشن کی اطراف 400 میٹر کے اندر ووٹرز کو ووٹ کے لیے قائل کرنے، ووٹرز کو ووٹ ڈالنے یا نہ ڈالنے کی التجاء کرنے اور کسی خاص امیدوار کے لیے مہم چلانے پر مکمل پابندی ہوگی

پولنگ اسٹیشن کے احاطہ میں کیمپ آفس قائم کرنیکی اجازت نہ ہوگی ووٹرز ، امیدواران یا مجاز الیکشن / پولنگ ایجنٹ کے علاوہ کسی بھی شخص کو موثر اجازت نامہ کے بغیر پولنگ اسٹیشن پر جانے کی اجازت نہ ہوگی

مظفرآباد (پی آئی ڈی، دھرتی نیوز) آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے سلسلہ میں پولنگ والے دن کیلئے سیاسی جماعتوں، امیدواران، الیکشن ایجنٹس، پولنگ ایجنٹوں اور امیدواران کے حمایتیوں کے لیے ضابطہ اخلاق جاری کر دیا۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پولنگ والے دن کسی بھی قسم کے ہتھیار اور آتشی اسلحہ کو پولنگ اسٹیشن پر لے جانے یا ان کی نمائش پر مکمل پابندی ہو گی ۔ یہ پابندی (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود کا ایم ٹی بی سی سکول کا دورہ

ایم ٹی بی سی صحت، آئی ٹی انفراسٹرکچر پر خدمات دے رہی ہے، گفتگو

باغ (دھرتی نیوز) صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کا باغ میں ایم ٹی بی سی کے منصوبے ہیڈ سٹارٹ سکول کا دورہ۔ صدر ریاست نے ہیڈ سٹارٹ سکول (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

باغ: صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری معروف نجی تدریسی ادارے کا دورہ کر رہے ہیں۔

عمران خان نے 26 نومبر کو شرکاء لانگ مارچ کو راولپنڈی پہنچنے کی کال دے دی

ہماری تحریک نہیں رکے گی، 26 نومبر کو شفاف انتخابات کا مطالبہ کریں، ساری قوم مل کر ہمارے ساتھ جدوجہد کرے

ہماری فیڈرل پارٹی ہے اور فیڈرل پارٹی ہی ملک کو بچا سکتی ہے ملک کی فوج ملک کو اکٹھا نہیں رکھ سکتی، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین تحریک انصاف پاکستان (پی ٹی آئی) عمران خان نے پارٹی رہنماؤں، کارکنوں اور لانگ مارچ کے شرکا کو 26 نومبر کو راولپنڈی پہنچنے کی کال دے دی۔ لانگ مارچ کے شرکا سے ویڈیو خطاب کے دوران عمران خان نے ''حقیقی آزادی'' مارچ کے دوسرے مرحلے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہماری تحریک نہیں رکے گی، 26 نومبر کو شفاف انتخابات کا مطالبہ کریں، ساری قوم مل کر ہمارے ساتھ جدوجہد (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان سے سینیٹر سلیم مانڈوی والا ملاقات کر رہے ہیں۔

مظفرآباد، باغ میں سپائنل کارڈ ہسپتال کا منصوبہ، اراضی فراہم کرنیکی ہدایت

چیف وہپ سینیٹ، سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی سربراہی میں سپائنل کارڈ انجری بحالی پراجیکٹ پاکستان کے ڈاکٹروں کے وفد کی ملاقات، مظفرآباد اور باغ میں سپائنل کارڈ ہسپتال کی تعمیر پر تفصیلی تبادلہ خیال

امریکن ڈاکٹرز اپنے خرچے پر یہ سینٹرز قائم کریں گے، اس طرح کے ہسپتال باغ اور مظفرآباد کے علاوہ دیگر اضلاع میں بھی بنائے جائیں، حکومت آزاد کشمیر ان کی سرپرستی کریگی، وزیراعظم آزاد کشمیر کی گفتگو

مظفرآباد (پی آئی ڈی، دھرتی نیوز) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان سے چیف Whip سینٹ، سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی سربراہی میں سپائنل کارڈ انجری بحالی پراجیکٹ پاکستان کے ڈاکٹروں کے وفد کی ملاقات۔ ملاقات میں مظفرآباد اور باغ میں سپائنل کارڈ ہسپتال کی تعمیر پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں بانی SCIPPER ڈاکٹر زیبا فاطمہ، معاون ڈائریکٹر ہائدہ شیخ، ڈائریکٹر برائے پاکستان ڈاکٹر ظہور الدین، (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان سے سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے وزیراعظم ہاؤس مظفرآباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کے آمدہ بلدیاتی انتخابات، مالیاتی امور، ترقیاتی عمل اور پی ایس ڈی پی کے منصوبہ جات (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان سے سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی قیادت میں امریکن ڈاکٹرز کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

پونچھ میڈیکل کالج کا طالبعلم گیزر گیس کے اخراج، دم گھٹنے سے جاں بحق

سرمد صمید پونچھ میڈیکل کالج میں آخری سال کا طالب علم تھا اور راولاکوٹ میں ایک پرائیویٹ ہاسٹل میں رہائش پذیر تھا

ورثاء نے پوسٹمارٹم کروانے سے انکار کر دیا جس کے بعد ہفتے کی صبح میت کو مظفرآباد روانہ کیا گیا، آبائی قبرستان میں سپرد خاک

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پونچھ میڈیکل کالج میں زیر تعلیم آخری سال کے طالب علم سرمد صمید ایک پرائیویٹ ہاسٹل میں انسٹنٹ گیس گیزر کی گیس لیکج کے باعث جاں بحق ہوگیا۔ وہ مظفرآباد کے گاوں چڑک پورہ کا رہائشی تھا اور اس کے والد راجہ عاشق ریٹائرڈ پروفیسر تھے جبکہ ایک چچا ڈاکٹر ہیں۔ سرمد صمید بوجوہ ایک سال لیٹ تھا اس طرح رواں سال اگلے ماہ اور جنوری میں اس نے فائنل ائیر کا امتحان دینا تھا اور آج کل تیاری میں مصروف تھا۔ وہ ہجیرہ روڈ پر ڈی چوک سے کچھ فاصلے پر واقع (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: راولاکوٹ میں گیزر گیس سے دم گھٹ کر جاں بحق پونچھ میڈیکل کالج کے طالبعلم کی نماز جنازہ کی ادائیگی سے قبل لی گئی تصویر

اپوزیشن ممبران اسمبلی کا منافقانہ کردار عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے، افنان نواز

ایک سابق وزیراعظم اقتدار نے اپنے دور میں وائٹ ہاؤس تعمیر کرنے سمیت مظفرآباد میں پلازہ بنانے تک کا سفر سرعت سے طے کیا

اپوزیشن آزاد کشمیر میں مگرمچھ کے آنسو بہا کر عوام سے ہمدردیاں سمیٹنا چاہتی ہے، منافقانہ کردار عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکا، بیان

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاحت سردار افنان نواز نے کہا ہے کہ اپوزیشن ممبران اسمبلی اقتدار سے باہر ہونے کا صدمہ برداشت نہیں کر پا رہے جس کی وجہ سے بہکی بہکی باتیں کر رہے ہیں۔ ایک سابق وزیراعظم اقتدار سے پہلے سڑک چھاپ تھے تاہم انہوں نے اپنے دور اقتدار میں وائٹ ہاؤس تعمیر کرنے سمیت مظفرآباد میں پلازہ بنانے تک کا سفر سرعت رفتاری سے طے کیا ہے۔ اسی وجہ سے اب دوبارہ اقتدار حاصل کرنے کے لئے عام آدمی کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کے (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

مسلم کانفرنس انتخابات کا بروقت انعقاد چاہتی ہے، سردار عتیق

بلدیاتی الیکشن ملتوی کرنا بنیادی حقوق غصب کرنے کے مترادف ہے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے قائد وسابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ مسلم کانفرنس آزاد کشمیر میں ہر حال میں انتخابات کا بروقت انعقاد چاہتی ہے۔ بلدیاتی الیکشن ملتوی کرنا انتہائی زیادتی اور آزاد کشمیر کے لوگوں کے بنیادی حقوق غصب (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم آزاد کشمیر کا سینیٹر سلیم مانڈوی والا کے ہمراہ مختلف علاقوں کا دورہ

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان نے سینیٹر سلیم مانڈوی والا کو آزاد کشمیر (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

عالمی منڈی میں خام تیل اور گیس کی قیمت میں کمی کا رجحان

برینٹ خام تیل 5 فیصد کمی کے بعد 86 ڈالر فی بیرل پر آ گیا

واشنگٹن (صباح نیوز) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت 5 فیصد کم ہوگئی۔ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ برینٹ خام تیل 5 فیصد کمی کے بعد 86 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔ عالمی منڈی میں ڈبلیو ٹی آئی خام تیل 77 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ عالمی میڈیا کے (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

عمران خان سے وزیر صحت پنجاب کی ملاقات، سیاسی صورتحال، اور ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو

لاہور (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان سے پنجاب کے وزیر صحت ڈاکٹر اختر ملک نے زمان پارک (بقیہ 26 صفحہ 03 پر)

انتخابات کا مقررہ وقت پر انعقاد یقینی بنایا جائے، ڈاکٹر خالد

بلدیاتی انتخابات میں سیکورٹی فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے

ہجیرہ (پ ر) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ حکومت اور الیکشن کمیشنر طے شدہ شیڈول کے مطابق بلدیاتی انتخابات کو یقینی بنائیں امن کمیٹیوں کے نام پر قوم کو الجھنوں میں نہ ڈالیں، بلدیاتی انتخابات میں سیکورٹی فراہم کرنا حکومت (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

سپریم کورٹ نے موٹر وے پر بائیکس چلانے کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ نے موٹر وے پر بائیکس چلانے کی اجازت دینے کے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے (بقیہ 27 صفحہ 03 پر)

تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی، مشکلات سے نجات کا ایجنڈا لیکر الیکشن میں آیا، افراز خان

تعلیم ، صحت ، رسل و رسائل، مواصلات سمیت تمام بنیادی سہولیات زندگی کا شدید فقدان ہے جسے حل کروں گا

لوگوں کو تکلیف میں دیکھ کر دلی دکھ ہوتا ہے، سماجی کاموں میں بھی ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور لوگوں کو سہولیات مہیا کی

بلدیاتی اداروں، منتخب نمائندوں کے اختیارات کا تعین ہونے کے بعد سب سے پہلے لوگوں کی فلاح کیلئے کام کروں گا

ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھنا ہوگا تاکہ اتنے سالہ محرومیوں سے نجات ممکن ہو کر لوگوں کو تمام سہولیات میسر آسکیں

کمیونٹی حال کی تعمیر سمیت تمام وہ ضروریات زندگی مہیا کروں گا جس سے میرے لوگ کئی سالوں سے بری طرح محروم ہیں

لوگوں کے سامنے اپنا پروگرام، منصوبہ رکھ دیا، میرٹ، اہلیت، صلاحیت کی بنیاد پر ووٹ دیں ورنہ اسی دلدل میں پھنسے رہیں گے

اپنی آنیوالی نسلوں اور آگے ان کی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا ہوگا، ''کشمیر دھرتی ڈیجیٹل'' کو خصوصی انٹرویو

راولاکوٹ (محمد عمر خیام سے) بلدیاتی الیکشن 2022 کے حوالہ سے حلقہ 5 کی یونین کونسل رہاڑہ کی وارڈ ڈنگجر اں میدان سے پاکستان مسلم لیگ ن کے نامزد امیدوار برائے لوکل کونسلر سردار محمد افراز خان نے کہا ہیکہ میرے علاقہ میں مواصلات کا نظام نہ ہونے کے برابر ہے، غازی ملت روڈ کی وجہ سے کچھ سہولیات سفری میسر ہیں مگر رابطہ سڑکوں کی ٹوٹ پھوٹ اور خستہ حالی ہے، تعلیم اور صحت کے حوالہ سے بھی بنیادی سہولیات کا شدید فقدان ہے، ایک عرصہ سے سکولز کی تعمیر اور ان کی اپ گریڈیشن کے حوالہ (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: یوسی رہاڑہ وارڈ ڈنگجر اں میدان سے امیدوار برائے کونسلر محمد افراز خان دھرتی کو انٹرویو دیتے ہوئے

وزیراعظم حکومت پاکستان سے کہیں کہ سیکورٹی فراہم کریں

الیکشن کے بعد ویسے بھی یہ حکومت نہیں ہو گی ، راجہ فاروق حیدر

چناری (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں کشمیر و مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم آزاد کشمیر جائیں جا کر وزیر داخلہ سے بات کریں حکومت پاکستان سے کہیں کہ سیکورٹی فراہم کریں، کیوں ایسا نہیں کیا جارہا، عوام حکومتی اعلانات پر توجہ نہ دیں، الیکشن کے بعد ویسے بھی یہ حکومت نہیں ہوگی ، عمران خان فیڈریشن (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

تحریک انصاف کو کورال چوک سے روات تک ریلی کی اجازت

شقوں کی خلاف ورزی کی صورت این او سی منسوخ کر دی جائے گی

اسلام آباد (صباح نیوز) تحریک انصاف کو کورال چوک سے روات تک ریلی کی اجازت مل گئی۔ اسلام آباد انتظامیہ نے پی ٹی آئی کو ریلی نکالنے کی اجازت دے دی ہے، اور اسلام آباد انتظامیہ نے تحریک انصاف کے رہنما علی نواز اعوان کی درخواست پر این او سی جاری کر دیا ہے۔ علی نواز اعوان نے ڈپٹی کمشنر سے ملاقات کی، اور ریلی کے لئے درخواست پیش کی، تاہم ریلی کی اجازت ڈسٹرکٹ (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

آرمی چیف تعیناتی، صدر نے گڑبڑ کی تو نتائج بھگتنا پڑیں گے

وزیراعظم جو بھی آرمی چیف تعینات کریں گے ہم ساتھ دیں گے، بلاول

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم جو بھی آرمی چیف تعینات کریں گے ہم ان کا ساتھ دیں گے، لانگ مارچ کا انہی تاریخ میں اعلان کا مقصد آرمی چیف کی تعیناتی کو متنازع بنانا ہے، اگر صدر نے گڑبڑ کرنے کی کوشش کی تو پھر انہیں نتائج بھی بھگتنا پڑیں گے، عمران خان کو ملک پر مسلط کیا گیا، گزشتہ 4 سال میں خارجہ پالیسی کو نقصان پہنچایا گیا، پی ٹی آئی (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

نئے آرمی چیف کا نام بدھ تک سامنے آجائے گا، خواجہ آصف

جو نام سمری میں آئیں گے اُن میں سے ہی ایک پر سب کا اتفاق ہوگا

اسلام (سی ایم لنکس): وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آرمی چیف کا نام بدھ تک سامنے آجائے گا جبکہ تعیناتی کا عمل پیر سے شروع ہوگا۔ نجی ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ اگلے ہفتے منگل یا بدھ تک آرمی چیف کا نام سامنے آجائے گا، جو نام سمری میں آئیں گے اُن میں (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

ضلع راجوری میں بھارتی فوج نے ایک نوجوان کو شہید کر دیا

سرینگر (کے پی آئی) ضلع راجوری میں بھارتی فوج نے ایک نوجوان کو شہید کر دیا ہے۔ بھارتی فوج نے ہفتے کو ضلع راجوری (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

حقیقی آزادی لانگ مارچ: عمران خان کا کنٹینر روات پہنچا دیا گیا

لاہور (سی ایم لنکس) حقیقی آزادی لانگ مارچ کے لئے سابق وزیراعظم عمران خان کا کنٹینر روات پہنچا دیا گیا ہے، مارچ کے (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

لانگ مارچ ،آئی جی اسلام آباد کی رپورٹ ہائیکورٹ میں جمع

پی ٹی آئی ضمانت دے تو کنٹینرز بھی رکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی ، رپورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ اور احتجاج کے حوالے سے آئی جی اسلام آباد نے تفصیلی رپورٹ اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کروادی۔ رپورٹ میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو لاحق خطرات سے متعلق تھریٹ الرٹس رپورٹ کا حصہ بناتے ہوئے بتایا گیا ہے (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

بھارتی آبی جارحیت کیخلاف پاکستان کو عالمی فورم پر بڑی کامیابی

کشن گنگا اور ریٹلی ہائیڈرو منصوبے پر پاکستانی اعتراض سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (صباح نیوز) عالمی بینک نے بھارت کے کشن گنگا اور ریٹلی ہائیڈرو منصوبے پر پاکستانی اعتراض کو سماعت کیلئے مقرر کر لیا۔ بھارت کی آبی جارحیت کے خلاف پاکستان کو عالمی فورم پر بڑی کامیابی مل گئی ہے۔ عالمی بینک دونوں منصوبوں کے ڈیزائن 21 نومبر کو ثالثی (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

ضابطہ کی خلاف ورزیاں ، چوہدری یاسین کا الیکشن کمیشن کو خط

وزیراعظم آزاد کشمیر اور وزراء کھلے عام ایسے اعلانات کر رہے ہیں ، متن

کوٹلی (دھرتی نیوز) صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر وممبر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٰسین نے وزیراعظم تنویر الیاس کی جانب سے وزیراعظم سیکرٹریٹ میں بلدیاتی انتخابات کے حوالہ سے سیاسی سرگرمیاں کرنے سیاسی کارکنوں کو پی ٹی آئی میں شامل کرنے، (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

تراڑکھل نواحی علاقہ ہلاں کالاکوٹ میں اسکول وین حادثہ کا شکار، 3 طالبات جاں بحق

گاڑی سڑک سے ڈیڑھ سو فٹ نیچے لڑھک گئی، حادثہ کی اطلاع پر مقامی لوگوں کی بڑی تعداد جائے وقوعہ پر پہنچی

جاں بحق ہونیوالوں میں دو حقیقی بہنیں بھی شامل، آبائی قبرستان میں سپرد خاک، نماز جنازہ میں سرکردہ شخصیات کی شرکت

تراڑکھل (دھرتی نیوز) نواحی گاوں ہلاں کالاکوٹ کے مقام پر اسکول وین حادثہ کا شکار ہوگئی جس کے نتیجہ میں تین طالبات جاں بحق ہوگئیں جبکہ ڈرائیور زخمی ہوگیا، یہ حادثہ گزشتہ روز ہفتہ کی صبح ساڑھے سات بجے پیش آیا، حادثہ کی وجوہات کا علم نہ ہوسکا، گاڑی سڑک سے ڈیڑھ سو فٹ نیچے لڑھک گئی، حادثہ کی اطلاع پر مقامی لوگوں کی بڑی تعداد جائے وقوعہ پر پہنچی اور طالبات کو گاڑی سے نکالا انہیں ہسپتال لے جایا گیا لیکن وہ جاں بر نہ (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

تراڑکھل: نواحی گاؤں ہلاں کالاکوٹ میں حادثہ کا شکار ہونے والی اسکول وین

حکومت کا گیس کی قیمتوں میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ

قیمت نہ بڑھانے سے 100 ارب کا اضافی بوجھ پڑے گا

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومت نے گیس کی قیمتوں میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت پیٹرولیم کے حکام کا کہنا ہے کہ سردیوں میں گیس کی قیمتیں برقرار رہیں گی، گیس قیمت نہ بڑھانے سے 100 ارب کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ حکام کا کہنا ہے کہ پہلے مرحلے میں کوشش (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

مفتی رفیع عثمانی کی نماز جنازہ آج (اتوار کو) ادا کی جائے گی

کراچی (صباح نیوز) صدر جامعہ دارالعلوم کراچی مفتی رفیع عثمانی کی نماز جنازہ آج (اتوار کو) ادا کی جائے گی۔ مفتی تقی عثمانی کے مطابق مفتی مولانا رفیع عثمانی کی نماز جنازہ صبح (بقیہ 45 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی الیکشن 2022
VOTE
کشمیر دھرتی
نے امیدواران کے انٹرویوز ، اشتہارات اور خبروں کی اشاعت کیلئے خصوصی سیل قائم کیا ہے، امیدواران اخبار، سوشل میڈیا اور یوٹیوب چینل پر اپنے منشور کی تشہیر اور پیغامات کیلئے ان نمبرات پر بذریعہ فون کال، واٹس ایپ رابطہ کر سکتے ہیں۔
برائے رابطہ:
شفقت اسلم 0315-5912105
خرم خالق 0344-1522886
روزنامہ کشمیر دھرتی رشید حسرت آرکیڈ بینک روڈ راولاکوٹ
فون: 05824-445864

Editorial

ایڈیٹوریل

ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ کا چوتھا کانووکیشن

محمد عمران خان
ترجمان جامعہ خواتین باغ

ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ کے چوتھے کانووکیشن میں چانسلر جامعات/صدر ریاست آزاد حکومت بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے مہمان خصوصی اور چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان ڈاکٹر مختار احمد نے بطور گیسٹ آف آنر شرکت کی۔ میریٹوریس پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ، ڈین فیکلٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، ڈین فیکلٹی آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز، فیکلٹی ممبران، اور طالبات نے مہمان خصوصی کو گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ کالج باغ پہنچنے پر گلدستہ پیش کیا اور اُن کا استقبال کیا۔ مہمان خصوصی کو فیکلٹی ممبران کے پروسیشن میں سٹیج پر لایا گیا تلاوت کلام پاک اور آزاد کشمیر و پاکستان کے قومی ترانے سے کانووکیشن کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض رجسٹرار ویمن یونیورسٹی باغ ڈاکٹر سیدہ صدیقہ فردوس نے سر انجام دیے۔

کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے چانسلر جامعات بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ میں ریاست کی پہلی ویمن یونیورسٹی کے چوتھے کانووکیشن کو پریزائیڈ کرتے ہوئے انتہائی خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ گزشتہ 2 سالوں کے دوران میں نے مختلف ریاستی یونیورسٹیوں میں بھی کانووکیشن میں شرکت کی ہے لیکن آزاد جموں وکشمیر کی اس ویمن یونیورسٹی کے کانووکیشن میں شرکت کرنا ہمیشہ میرے لیے خصوصی اعزاز رہا ہے۔ آج میں ایک سال کے دوران آپ کے خوشی کے لمحات میں دوسری بار آپ کے ساتھ ہوں۔ ایک علیحدہ خواتین یونیورسٹی کے پیچھے خیال ان والدین کو ایک آپشن فراہم کرنا ہے جو اپنی بیٹیوں کو مخلوط تعلیم کی پیشکش کرنے والی یونیورسٹیوں میں بھیجنے سے گریزاں ہیں۔ ہماری یہ خواہش ہے کہ علاقے کی تمام خواتین کو تعلیم دی جائے تا کہ وہ قوم کی خدمت میں فعال کردار ادا کر سکیں۔ مجھے یہ کہتے ہوئے فخر محسوس ہوتا ہے کہ ہم اس حوالے سے سرفہرست ہیں کیونکہ یہ مقبوضہ اور آزاد کشمیر دونوں میں خواتین کا واحد ادارہ ہے۔

آج ہماری فارغ التحصیل طالبات کا دن ہے اور میں فارغ التحصیل طالبات اور ان کے قابل فخر والدین کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی ہمارے ساتھ موجودگی گریجویشن کرنے والے طلباء کے لیے بڑی خوشی اور حوصلہ افزائی ہے۔ آپ نہ صرف ایک قیمتی اثاثہ ہیں بلکہ ہماری قوم کی فکری دولت بھی ہیں۔ میں آپ کی توجہ اس حقیقت کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ آپ کے کام اور طرز عمل سے آپ کے ادارے کا عکس ہوگا۔ آپ کو اعلیٰ ترین پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرنا چاہیے جس کی تکمیل مضبوط کردار، وفاداری اور ملکیت سے ہوتی ہے میں آپ کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ آپ کی انتھک کوششوں کے نتیجے میں آپ اپنے اہداف حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے اور اپنے والدین اور اساتذہ کی توقعات پر پورا اترے۔ اب آپ اپنی زندگی کا ایک نازک مرحلہ مکمل کر چکے ہیں اور مزید تعلیم کے اگلے مرحلے پر قدم رکھ رہے ہیں یا اپنا کیریئر شروع کرنے کے لیے کسی بھی تنظیم یا ادارے میں شامل ہو رہے ہیں۔ اس کامیابی پر باہر کی حقیقی دنیا میں قدم رکھنے سے پہلے میری طرف سے آپ کے لیے رہنمائی کے چند الفاظ جو آپ کے مستقبل کی کوششوں کے لیے مفید ثابت ہوں گے۔

گریجویشن آپ کی زندگی کا ایک اہم قدم ہے۔ آج اس مرحلے تک پہنچنے کے لیے آپ سب نے بہت محنت کی ہوگی۔ اسی طرح آپ دنیا میں اپنا حصہ ڈالنے اور لوگوں کی زندگیوں میں تبدیلی لانے کے لیے بے تاب اور پر جوش ہیں۔ آج آپ اپنے ساتھ بے شمار یادیں لے کر جا رہی ہیں۔ میں آپ کو اس بات کا احساس دلانا چاہتا ہوں کہ آپ میں سے ہر ایک پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ معاشرے اور ملک کو واپس ادا کریں جس نے آپ کی تعلیم اور کامیابی میں اب تک اپنا حصہ ڈالا ہے۔ یہ ایک نیاء سفر شروع کرنے اور اپنے خوابوں کی پیروی کرنے یا اپنے خاندان کی مدد کرنے کے لیے زندگی کے اہم فیصلے کرنے کا بھی وقت ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ہر کوئی ایک اچھا شہری بننا چاہتا ہے ایسا شہری جو ملک کے مفاد کو ہمیشہ اپنے ذہن میں رکھتا ہے۔

میں آپ کو مشورہ دیتا ہوں کہ کبھی بھی اپنی کامیابی کو صرف مادی فوائد کے لحاظ سے نہ پرکھیں۔ آپ کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ آپ واقعی اپنی زندگی میں کیا کرنا چاہتے ہیں۔ ایسا کرنے کا انتخاب کریں جو آپ کے لیے اطمینان کا باعث بنے اور وہ کام کریں جو آپ کو اپنی خواہشات کے قریب لے جائے۔ ایسا کریں جس سے آپ کے گھر والوں کو آپ پر فخر ہو۔ اپنے لیے ایک نتیجہ خیز راستہ کے ذریعے آگے بڑھیں۔ محنت، لگن، خلوص اور اخلاقی اقدار پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنے مقاصد حاصل کر سکتے ہیں۔ ہماری یونیورسٹیوں اور کالجوں نے سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں جدت کے مراکز بننے کے حوالے سے زیادہ ترقی نہیں کی ہے۔ اگرچہ لڑکے اور لڑکیاں جدید ترین مہارتیں حاصل کرنے کے قابل ہیں اور صنعت کی تکنیکی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خود کو ڈھالنے کے قابل ہیں لیکن ہم اختراعات کو آگے بڑھانے میں کسی نہ کسی طرح پیچھے ہیں۔ آزاد جموں وکشمیر کی ریاستی یونیورسٹیوں کے چانسلر کی حیثیت سے میں آزاد جموں و کشمیر کی تمام یونیورسٹیوں کا دورہ کرتا ہوں۔ ریاست بھر میں جن کانووکیشن میں میں نے شرکت کی تو میں نے دیکھا کہ ہماری لڑکیاں ہمارے لڑکوں کو پیچھے چھوڑ رہی ہیں اور لبرل آرٹس، ہیومینیٹیز، میڈیکل سائنسز، قانون اور دیگر کئی شعبوں میں گولڈ میڈل حاصل کر رہی ہیں۔ یہ واقعی ایک حوصلہ افزا رجحان ہے اور ہماری بیٹیوں کی صلاحیت کو ظاہر کرتا ہے۔ تاہم یہ دیکھا گیا ہے کہ تکنیکی شعبوں میں خواتین کا داخلہ کم ہے۔ ہماری خواتین کو تکنیکی تعلیم حاصل کرنے اور دیگر شعبوں کی طرح اس میں سبقت حاصل کرنے کی ترغیب دی جانی چاہیے۔ ملک کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے خواتین کی زیادہ تعداد کو آگے آنے کی ضرورت ہے خاص طور پر سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی میں۔ تکنیکی شعبوں میں خواتین کی ترقی اور سبقت ہماری قومی ترقی میں ایک نئی جہت کا اضافہ کرے گی۔

یہ خوش آئند بات ہے کہ محدود وسائل ہونے کے باوجود اس یونیورسٹی کے طلباء کی تعداد اس وقت تقریباً 2500 تک پہنچ گئی ہے اور اس ادارے سے 3106 طلباء فارغ التحصیل ہو چکے ہیں جن میں سے 713 ایم فل گریجویٹ ہیں جو کہ یونیورسٹی کو درپیش نامساعد حالات میں خاموش معقول اور حوصلہ افزا ہے۔ کل تدریسی عملے میں سے 40% سے زیادہ فیکلٹی ممبران پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔ یہ ایک اچھا اشارہ ہے کہ اس ادارے میں تعلیم کے لیے قابل اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ میں اس حقیقت سے بخوبی واقف ہوں کہ ڈگری پروگراموں میں توسیع اور طلباء کی مناسب تربیت مطلوبہ انفراسٹرکچر کے بغیر ممکن نہیں۔ موجودہ وائس چانسلر کی کوششیں لائق تحسین ہیں کہ انہوں نے یونیورسٹی کے محل وقوع کے حوالے سے طویل عدالتی مقدمات کی یکسوئی اور اس کے اپنے انفراسٹرکچر کی تعمیر کے لیے اراضی کا مسئلہ حل کیا۔ یہ بات بھی قابل ستائش ہے کہ نئے ابھرتے ہوئے، مہارتوں کی نشوونما اور مارکیٹ پر مبنی ڈگری پروگرام جیسے ڈیٹا سائنس، الائیڈ ہیلتھ سائنسز اور فارمیسی کے چار سالہ ڈگری پروگراموں کے آغاز کے ساتھ یونیورسٹی کی مزید توسیع سے یونیورسٹی کو تقویت ملے گی اور طلباء کی تعداد بڑھانے میں مدد ملے گی۔

محترم فیکلٹی ممبران اس حقیقت کو ذہن میں رکھیں کہ تدریس ایک نوبل پیشہ ہے اور آپ پر بہت زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ آنے والی نسل کو جدید دور کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار کریں۔ پیشہ ورانہ طور پر قابل ہونے کے لیے ایک استاد کو تاحیات سیکھنے والا ہونا چاہیے۔ اسے اعلیٰ ترین اخلاقی معیارات کو برقرار رکھتے ہوئے ایک رول ماڈل بننا ہوگا۔ میں آپ سے توقع کرتا ہوں کہ آپ سیکھنے کے میدانوں میں مشعل بردار، علمبردار اور ٹرینڈ سیٹر بنیں گے۔



مجھے امید ہے کہ آپ کی پیشہ ورانہ مہارت دوسرے اداروں کے اساتذہ کے لیے تحریک کا باعث بنے گی۔ میں اساتذہ سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنے طلباء کو اس انداز میں تیار کریں کہ وہ نوکری کے متلاشی کے بجائے اختراعی اور جاب پروڈیوسر بنیں۔

میں یونیورسٹی انتظامیہ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس یونیورسٹی کے چانسلر کی حیثیت سے اور ہماری حکومت ریاست کے اس واحد خواتین کے ادارے کی مضبوطی کے لیے ہر ممکن تعاون کرے گی اور ہم ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان سے بھی یہی توقع رکھیں گے، خاص طور پر ڈاکٹر مختار احمد سے جو اس مٹی کے بیٹے ہیں۔

میں ضلعی انتظامیہ پر زور دینا چاہوں گا کہ جب بھی ضرورت ہو ترقیاتی منصوبوں کو احسن طریقے سے چلانے اور اراضی کے معاملات کو حل کرنے میں وائس چانسلر کی ہر ممکن مدد کی جائے۔ میں چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کا اپنے پہلے دور میں اس ادارے کی ترقی میں تعاون کرنے پر ان کا شکر گزار ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ اسی جذبے کے ساتھ اسے جاری رکھیں گے۔

میں اس شاندار تقریب کے پیچھے ان لوگوں کی کوششوں کو سراہنا چاہتا ہوں اور انتظامیہ کی ٹیم، فیکلٹی ممبران اور اس تقریب کے انعقاد میں شامل ہر فرد کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مالیاتی امور کو آگے بڑھانے، فنڈز لانے اور زمین کے مسئلے کو مختصر وقت میں حل کرنے میں وائس چانسلر کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر مختار احمد نے کہا کہ مجھے آج انتہائی خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ جو پودا ہم نے لگایا تھا وہ آج ایک تناور درخت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا 2014 میں جب اس یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا گیا تب بھی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کا چیئرمین تھا اور آج مجھے ویمن یونیورسٹی باغ کے چوتھے کانووکیشن میں دلی مسرت ہوئی۔ ڈاکٹر مختار احمد نے کہا کہ ہمیں تعلیم کے ساتھ تربیت پر بھی فوکس کرنا ہوگا۔ انھوں نے کہا وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی باغ ڈاکٹر عبدالحمید خداداد صلاحیتوں کے مالک ہیں اور اُن کی شبانہ روز محنت اور کوشش سے آج اس ارادے کا شمار نامور اداروں میں ہوتا ہے۔

وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ میریٹوریس پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید نے کہا کہ میں بے حد خوشی کے ساتھ میں اس تاریخی موقع پر صدر ریاست و چانسلر جامعات بیرسٹر سلطان محمود چوہدری، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان ڈاکٹر مختار احمد، وزیر حکومت سردار میر اکبر خان، طالبات اور تمام مہمانان گرامی آپ سب کا باضابطہ طور پر خیر مقدم کرتا ہوں صدر ریاست ہم آپ کے بہت مشکور ہیں کہ آپ نے اپنے انتہائی مصروف شیڈول میں سے وقت نکال کر تشریف لائے۔ آپ کا دوسری بار اس یونیورسٹی کا دورہ اور ہمارے ساتھ آپ کا قیمتی وقت گزارنا ہماری یادوں میں انمٹ رہے گا۔

میں اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کا خیرمقدم کرنا چاہتا ہوں۔ ہم اس تقریب میں بطور گیسٹ آف آنر شرکت کی دعوت قبول کرنے پر ان کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ سیشن 2016 سے 2021 تک یونیورسٹی کے 1168 طلباء کو آج کے کانووکیشن میں مختلف تعلیمی شعبوں میں ڈگریاں دی جائیں گی۔ ان میں سے 247 طلباء کو ایم فل، ایم اے ایم ایس سی کی 440 طالبات، بی ایس ڈگری پروگرامز 481 طالبات کو ڈگریاں دی جائیں گی اور 49 طلباء گولڈ میڈل حاصل کریں گے۔ تمام فارغ التحصیل طلباء، پوزیشن ہولڈرز ان کے والدین اور اساتذہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے بہت خوشی ہو رہی ہے۔

آپ کی ڈگری کی تکمیل ایک عظیم کامیابی ہے۔ آپ کے اساتذہ اور والدین آپ کی کامیابیوں پر فخر کرتے ہیں۔ اب آپ آزاد جموں وکشمیر کی ویمن یونیورسٹی کی قابل فخر سابق طالبہ بن چکی ہیں اور میں آپ سے گزارش کرنا چاہوں گا کہ آنے والے سالوں میں اس یونیورسٹی کے مقصد کو فروغ دینے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں۔ میں آپ کو ایک عظیم کامیابی اور بہت روشن مستقبل کی خواہش کرتا ہوں۔

ریاست آزاد جموں وکشمیر میں ویمن یونیورسٹی 2014 میں قائم کی گئی۔ دو سال قبل وائس چانسلر کے طور پر میرا فرض ایک ایسے وقت میں سامنے آیا جب ادارہ سنگین متعدد چیلنجوں کا سامنا کر رہا تھا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے ہم اس کے باوجود ایک کے بعد ایک دیرینہ مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنی کوششوں میں مسلسل مصروف ہیں۔ یونیورسٹی کے محل وقوع سے متعلق عدالتی معاملے کا حل، ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کے ذریعے سائٹ کی مناسبیت کی سفارش، سول ورک کی تکمیل کے لیے پی ایس ڈی پی کے فنڈ سے چلنے والے منصوبے کی بحالی 1000000 روپے کی واجبات کی ادائیگی کے لیے فنڈز کا انتظام 76 ملین، بنی پساری ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر باغ میں 2054 کنال اراضی کا حصول، فنڈز کی تقسیم اور انفراسٹرکچر کی ترقی کے لیے پی ایس ڈی پی کے فنڈ سے چلنے والے ایک اور منصوبے کی منظوری، حکومت کے مالی تعاون سے بنی پساری میں بنیادی ڈھانچے کا قیام، ادارے کے مالی معاملات کو منظم کرنے کے لیے وسائل کا انتظام، ادارے کی مالی صحت کو بہتر بنانے کے لیے مالی اصلاحات لانا اور انڈوومنٹ اور ترقیاتی فنڈز کا قیام اور ادارے کی پائیداری کو یقینی بنانے کے لیے پنشن فنڈز کو مضبوط کرنا شامل ہیں۔ ہم ایک اچھی انتظامی ٹیم کے انتخاب اور حکومت کے تعاون سے صورتحال کا مقابلہ کرنے میں کامیاب ہوئے۔ آزاد جموں وکشمیر، چانسلر آفس، ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان اور ضلعی انتظامیہ ہم ان کی حمایت کے لیے ان کے شکرگزار ہیں۔ میں وزیر زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز سردار میر اکبر خان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس ادارے کے لیے بروقت تعاون کیا، میں کمشنر پونچھ ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر عبدالحمید کیانی کے خصوصی تعاون پر اُن کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔

OF AZAD JAMMU & KASHMIR B
4th CONVOCATION 2022

یونیورسٹی فی الحال تقریباً 2500 طلباء کے موجودہ اندراج کے ساتھ تین مختلف فیکلٹیز میں 44 مختلف ڈگری پروگرام پیش کر رہی ہے۔ ان میں سے 226 طلباء یونیورسٹی کے مختلف شعبوں میں ایم فل اور 17 اسکالرز پی ایچ ڈی پروگرام ہیں۔ اس ادارے سے اب تک 3106 طلباء اپنی ڈگریاں مکمل کر چکے ہیں جن میں اس کانووکیشن کے 1168 گریجویٹ طلباء بھی شامل ہیں۔

یونیورسٹی نے تقریباً 115 اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کی خدمات حاصل کی ہیں جن میں ایم فل کی اہلیت رکھنے والے 14 جونیئر لیکچررز بھی شامل ہیں۔ مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ان 40 فیکلٹی ممبران میں سے پی ایچ ڈی کی ڈگریاں ہیں جبکہ 15 سے زائد فیکلٹی ممبران مختلف قومی اور بین الاقوامی اعلیٰ تعلیمی اداروں میں پی ایچ ڈی کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ہمارے فیکلٹی ممبران نے لاکھوں مالیت کے 5 تحقیقی منصوبے حاصل کیے۔ اس سال کے دوران 25 ملین اور معروف قومی اور بین الاقوامی جرائد میں 90 سے زیادہ تحقیقی مضامین شائع کیے ہیں۔ فیکلٹی آف سائنس نے 3 سیمینارز کا انعقاد کیا جبکہ فیکلٹی آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز نے سال کے دوران 15 سیمینارز اور تین ورکشاپس کا انعقاد کیا تا کہ طلباء کو صحت مند اور ہم نصابی سرگرمیوں میں شامل کیا جا سکے۔

ویمن یونیورسٹی باغ اپنے مطلوبہ بنیادی ڈھانچے کی کمی کی وجہ سے اب بھی کرائے کی عمارتوں میں اپنا کاروبار چلا رہی ہے۔ اس سے ادارے کی مالی حالت بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ اپنے انفراسٹرکچر کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے۔ ایک اکیڈمک بلاک، سٹوڈنٹ ہاسٹل، لائبریری، باؤنڈری وال اور متعلقہ سہولیات کی تعمیر کے لیے بولی کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے اور ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی منظوری سے تعمیراتی کام بہت کم بولی دینے والے کو دیا جائے گا۔ کنسلٹنٹ کے ذریعے ایک اور اکیڈمک بلاک اسٹوڈنٹ ہاسٹل اور ایڈمنسٹریٹو بلاک کی ڈیزائننگ آخری مرحلے میں ہے۔ آرکیٹیکچرل ڈیزائن کی منظوری دے دی گئی ہے اور سٹرکچرل ڈیزائن کی منظوری کے بعد اس سہولت کی ٹینڈرنگ کا عمل بھی شروع کیا جائے گا۔ ہم ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کے اس مقصد کے لیے مطلوبہ فنڈز مختص کرنے اور اس ادارے کے مطلوبہ بنیادی ڈھانچے کے قیام کے لیے پی ایس ڈی پی سے چلنے والے منصوبوں کی منظوری کے لیے شکر گزار ہیں۔

ہم چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد اور ان کی ٹیم کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے اس ادارے کے آغاز سے ہی اس کے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ معزز چیئرمین ایچ ای سی کی آج ہمارے ساتھ اور کل ایک اور پبلک سیکٹر یونیورسٹی میں موجودگی اعلیٰ تعلیمی اداروں کے تئیں ان کے خلوص اور ہمدردی کو ظاہر کرتی ہے۔ ریاست کے یونیورسٹی کو طلباء کے داخلے کے مسئلے کا سامنا ہے بنیادی طور پر صنفی پابندی کی وجہ سے۔ دوسری یونیورسٹیاں اس خواتین کے دارے کے قریب واقع ہیں اور ہمارے لیے طلبہ کا پول بہت تنگ ہے۔ یہ مشکل ہمارے اپنے وسائل کی پیداوار کو بری طرح متاثر کرتی ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ادارے کے آپریشنل اخراجات کا انتظام کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ بڑھتی ہوئی شرح اور تنخواہوں میں اضافے کی وجہ سے۔ یہ عنصر اس ادارے کی مستقبل کی بقا کے لیے بہت سنگین خطرہ ہے جب تک حکومت کی طرف سے خصوصی توجہ نہیں دی جاتی اس ادارے کی مشکلات کو دور کرنے کے لیے آزاد جموں وکشمیر اور ایچ ای سی ہم نے اپنے بنیادی ڈھانچے کی رکاوٹوں کے باوجود یونیورسٹی کی تعلیمی توسیع کے لیے نئے مارکیٹ اور رینڈ اور ہنر مندانہ ڈگری پروگرام شروع کرنے کے لیے پہل کی ہے۔ ڈیٹا سائنسز، بینکنگ اینڈ فنانس، سائیکالوجی اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے پانچ ڈگری پروگرامز میں نئے چار سالہ ڈگری پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے اور فارمیسی اور نرسنگ میں ڈگری پروگرام اگلے تعلیمی سیشن سے شروع کیا جائے گا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان ڈاکٹر مختار احمد کی ویمن یونیورسٹی باغ کے لیے گراں قدر خدمات ہیں۔ 2014 میں جب اس ادارے کا قیام عمل میں لایا گیا تو اس وقت ڈاکٹر مختار احمد ہی ایچ ای سی کے چیئرمین تھے اور اُن کے تعاون اور مشاورت کے بغیر یونیورسٹی کا قیام ممکن نہیں تھا۔ ڈاکٹر مختار احمد نے بطور چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان ہائر ایجوکیشن کی ترقی اور ترویج میں اہم کردار ادا کیا۔ جامعات کے مسائل اور ریسرچ بیسڈ ایجوکیشن کے لیے ایک جامع پلان دیا۔ اُن کی خداداد صلاحیتوں اور ہائر ایجوکیشن کے لیے کیے گئے اقدامات کی بدولت دوسری بار اُن کو چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی ذمہ داری سونپی گئی جو کہ اُن کی کارکردگی کا ثبوت ہے۔

وائس چانسلر میریٹوریس پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید کی شبانہ روز محنت، کوششوں، کاوشوں، حکمت و تدبر، فہم و فراست اور خداداد صلاحیتوں کی بدولت آج ویمن یونیورسٹی باغ ترقی کے راستے پر گامزن ہے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالحمید نے مختصر عرصے میں ویمن یونیورسٹی باغ کے مالی، اکیڈمک، انتظامی اور زمین کے دیرینہ حل طلب مسئلے کو نا صرف حل کیا بلکہ ادارے کو مستحکم کیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالحمید نے تعلیم کے ساتھ تربیت اور تحقیق پر فوکس کیا۔ آج ویمن یونیورسٹی باغ کی طالبات کو عصر حاضر کے تقاضوں کے عین مطابق سہولتیں دینے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تا کہ طالبات مستقبل میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

WOMEN UNIVERSITY
OF AZAD JAMMU & KASHMIR BAGH
4th CONVOCATION 2022
November 14, 2022

بقیہ 1

ادا کرنے کی اجازت نہ دینے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انکی فوری رہائی کا مطالبہ دہرایا ہے۔ انجمن اوقاف نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ میر واعظ عمر فاروق کو آج بھی نماز جمعہ کیلئے جامع مسجد جانے کی اجازت نہیں دی گئی جو انتہائی قابل مذمت ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ میر واعظ کی مسلسل غیر قانونی اور غیر اخلاقی نظر بندی کے سبب کشمیر کی سب سے بڑی عبادتگاہ اور دعوت و تبلیغ کا عظیم مرکز جامع مسجد سرینگر کے منبر و محراب مسلسل خاموش ہیں جس کی وجہ سے کشمیری سماج اور معاشرے پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں اور اصلاح معاشرہ کی ہمہ جہت مہم بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ انجمن اوقاف نے کہا کہ میر واعظ کی گزشتہ تین برس سے زائد عرصے سے نظر بندی عوام کیلئے انتہائی دکھ اور تکلیف کا باعث ہے لہذا انتظامیہ انکی فوری رہائی عمل میں لائے تا کہ وہ اپنے دینی فرائض انجام دے سکیں۔

بقیہ 2

لوکل گورنمنٹ ظفر خان، لاء ڈویژن اسلام آباد راولپنڈی کے اعلی آفیسران نے ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات پونچھ ڈویژن کے بھائی عبدالروف خان ایڈووکیٹ کی اچانک وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور جملہ لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا ہے۔

بقیہ 3

ہوگا، کسی سے سیکورٹی مانگنے کی ضرورت ہی نہیں پیش آئے گی، آزاد خطہ سیکورٹی سے بے نیاز ہوجائے گا اور ایک فورس بھی قائم ہوجائے گی، ریٹائرڈ کمانڈنٹ، ضلع کی سطح پر ہو ریٹائرڈ بریگیڈیر حلقے کے بریگیڈ کا ذمہ دار ہو، یونٹ یونین کونسل کو سنبھالے اور سیکشن وارڈ کی سطح تک قائم کی جائے ،ان خیالات کا اظہار انھوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، آزاد کشمیر دراصل تحریک آزادی کا بیس کیمپ ہے یہاں کے عوام کے مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ بقیہ کشمیر کی آزادی کے لیے بیس کیمپ نے کردار ادا کرنا ہے، حالات تقاضا کر رہے ہیں کہ آزاد کشمیر کی حکومت انقلاب اقدامات کرے اور اپنے پاؤں کھڑی ہو۔ معاشی اور سیاسی خودکفالت کی طرف قدم بڑھائے ،کشمیر کی آزادی کے لیے عملی اقدامات بھی کرے۔

بقیہ 4

ان کی کامیابی کیلئے بھرپور انداز میں مہم جاری ہے، ستائیس نومبر چھتری کی فتح کی نوید لے کر طلوع ہوگا ،انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے ذریعے اقتدار کو نچلی سطح پر منتقل کرنے کا ایک موقع میسر آیا ہے اس لئے نوجوان اس میں بھرپور کردار ادا کریں گے اور آزاد امیدوار شفیق حسین کی کامیابی کیلئے جملہ صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 5

رہے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت بھی پاکستان میں اینٹی ڈفتھیریا سیرم فراہم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ وفاقی وزارت صحت کے حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان میں اب تک خناق سے کم از کم 39 بچے انتقال کر چکے ہیں۔ اس حوالے سے ماہرین امراض اطفال نے کہا کہ خناق کی بیماری بچوں میں پینٹا ویلنٹ ویکسین نہ لگنے کے باعث پھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خناق میں مبتلا بچوں کی ہلاکت اینٹی ڈفتھیر یا سیرم میسر نہ ہونے کے باعث ہو رہی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ خناق کی بیماری دنیا سے ختم ہونے کے باعث یہ سیرم دنیا میں بہت کم بنایا جاتا ہے۔

بقیہ 6

ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات پونچھ ڈویژن سعد اللہ خان کے بھائی کی اچانک وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور جملہ لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا ہے۔

بقیہ 7

سینئر نائب صدر صاحبزادہ محمد اشفاق ظفر ایڈووکیٹ نے جہلم ویلی کے دونوں انتخابی حلقہ جات چھ اور سات کے پارٹی کارکنان کو انتخابی امن کمیٹیوں کا حصہ بننے سے روک دیا۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اشفاق ظفر نے کہا کہ غیر جانبدارانہ اور شفاف انتخابات کا انعقاد الیکشن کمشن اور آزاد کشمیر حکومت کی ذمہ داری ہے الیکشن کے روز پیپلز پارٹی کا کوئی بھی کارکن امن و امان کی ذمہ داری نہیں لے گا تمام کارکنان کو ہدایت ہے کہ وہ امن کمیٹیوں سے دور رہیں اشفاق ظفر نے مزید کہا کہ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان بلدیاتی انتخابات میں براہ راست مداخلت کر کے الیکشن کمشن کے ضابطہ اخلاق کی دھجیاں اڑا رہے ہیں اور انھوں نے وسائل کا غلط استعمال کرتے ہوئے وزیراعظم ہاؤس میں خرید وفروخت کی منڈیاں لگا رکھی ہیں وزیراعظم لوگوں کو وزراء کے درجے دے رہے ہیں آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمشن کی کارروائی صرف نوٹس کی حد نہیں ہونی چاہیے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر وزیراعظم سمیت دیگر کو قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی عمل میں لانی چاہیے پیپلز پارٹی بلدیاتی الیکشن جیت چکی ہے صرف رسمی کارروائی باقی ہے حکمران بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں میں مصروف ہیں بڑے بڑے دعوے کرنے والے وزیراعظم آزاد کشمیر کی ذمہ داری ہے کہ وہ 27 نومبر کے روز الیکشن کے لیے سیکورٹی فورسز کی فراہمی یقینی بنائیں امن کمیٹیاں بنانے سے امن قائم نہیں ہوگا اگر کوئی غیر سنجیدہ اقدام کیا گیا تو اس کے نتیجہ میں کوئی خون خرابہ ہوا تو تمام تر ذمہ داری حکومت اور الیکشن کمشن کی ہوگی۔

بقیہ 8

میں گذشتہ 25 سال سے قید پارٹی کے سینئر رہنما نذیر احمد شیخ کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا، جو آج بھی بھارت کے عقوبت خانوں میں صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں۔ ترجمان کے مطابق شرکائے مجالس نے شہدائے جموں کشمیر کے بلندئے درجات اور جملہ اسیران کی فوری رہائی سمیت جدوجہد میں مصروف جملہ قائدین و کارکنان کے حق میں دعا کی۔ اس موقع پر شرکا نے تھوراڑ سے تعلق رکھنے والے سردار انصار کی وفات پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور لواحقین کے صبر وجمیل کی دعا کی

بقیہ 9

ہے۔ ریٹائرڈ لوگوں کی بات کوئی نہیں سنتا۔ الیکشن میٹنگ کے ایک صاحب کی بات سمجھ ہی نہیں آتی کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔ حکومت کے الزامات مسترد کرتے ہیں۔ ہم الیکشن سے فرار نہیں چاہتے۔ بدترین حالات میں بھی الیکشن میں جائینگے۔ آزاد کشمیر میں آرمی موجود ہے اسی کو سیکورٹی پر مامور کر کے انتخابات کروائے جاسکتے ہیں ۔تمام حلقوں میں بدترین سرکاری مداخلت ہو رہی ہے۔ الیکشن کمیشن عضو معطل بن گیا ہے۔ حکومت آزاد کشمیر اور الیکشن کمیشن کی نا اہلی اور خلاف ضابطہ اقدامات پر سوموار کے روز سپریم کورٹ سے رجوع کرینگے۔ حکومت بدنیتی سے دھاندلی زدہ انتخابات کروا کر خون خرابہ چاہتی ہے الیکشن کمیشن حکومت کے ہاتھوں مکمل یرغمال ہے سیکرٹری جنرل مسلم لیگ ن چودھری طارق فاروق کے ساتھ سابق وزرا چودھری رخسار احمد ،چودھری محمد سعید نے بھی خطاب کیا اور الزام عائد کیا کہ سرکاری وسائل جھونکے جا رہے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں اس موقع پر چودھری عظیم ،لالہ مالک کے علاوہ لیگی کارکنوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی

بقیہ 10

نہیں کر لی ہے۔ سپریم کورٹ کے احکامات کے بعد الیکشن کمیشن بلدیاتی الیکشن کروانے مخلص اور بیلٹ پیپرز چھپوائی کا کام مکمل کروا چکا ہے۔ سیکورٹی فورسز کا فراہم کرنا موجودہ تحریک انصاف کی حکومت کی ذمہ داری تھی۔ اور ہے۔ جو کہ تا حال پوری نہیں ہوسکی ہے۔ اور کمیٹیوں کی بات اس طرح کی جاتی ہے۔ جیسے یہ کسی ایک جماعت یا کسی ایک تحصیل کا الیکشن ہے۔ ان الیکشن میں تمام سیاسی جماعتوں کے علاوہ برادریوں اور آزاد امیدوار پوری ریاست میں کھڑے ہیں۔ یہ الیکشن ہے۔ کوئی مذاق یا ڈرامہ نہیں ہے۔ جس پر سیکیورٹی انتظامات کے بجائے۔ صرف الیکشن کروانے کے دعوے پر دعوے کیے جارہی ہے۔ اب انتخابات کو صرف ایک ہفتہ 27 نومبر تک رہ گیا ہے۔ اس وقت تک انتظامات کا نہ ہونا قابل افسوس ہے۔ ابرار حقانی نے چیف الیکشن کمیشن سے مطالبہ کیا ہے کہ صاف و شفاف انتخابات ایک ہی دن پوری ریاست میں کروائے جائیں۔ اور دوسرا امن وامان کے قیام کے لیے پاک افواج کی نگرانی میں کروائے جائیں۔ کمیٹیوں کے لوگ خود سیاسی جماعتوں کے فریق ہوں گئے۔ صورتحال اگر خراب ہوتی ہے۔ یا جانی نقصان ہوتا ہے۔ اس کی تمام تر زمہ داری موجودہ حکومت پر ہو گئی

بقیہ 11

کے گھروں کی تلاشی لے رہی ہیں۔ ضلع اسلام آباد میں بھارتی پولیس کی طرف سے حریت رہنما قاضی یاسر اور صحافی قاضی شبلی کی مشترکہ رہائش گاہ پر چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے۔ بھارتی پولیس کی جانب سے ضلع کولگام میں صحافی خالد گل اور آزادی پسند کارکن باسط ڈار کے گھروں کی تلاشی بھی لی جارہی ہے۔ ادھر پولیس کے خصوصی تحقیقاتی یونٹ (ایس آئی یو) نے جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام میں متعدد مقامات پر چھاپے مارے ہیں۔

بقیہ 12

زمین بنوانے کے لیے پٹواری چوہدری شفیق کو فائل دی کہ ہم بھائیوں نے اپنی موجودگی میں زمین تقسیم کرنی ہے ہمیں زمین کا نقشہ اور پیمائش کرکے زمین کی تقسیم کی جائے پٹواری شفیق نے تاریخ پر تاریخ دی جب بھی آتا پندرہ ہزار دس ہزار لیتا اور کہتا اب دیسی مرغا لاتھی لانا سب کچھ لیتا رہا لیکن فائل پراسس مکمل نہیں کیا فائل محکمانہ طور پر پٹواری کے پاس آئی ہے اب پٹواری شفیق کہتا ہے کہ ایک لاکھ روپے مجھے دو تو فائل آپ کو دے دوں گا نہیں تو جسطرح دیگر لوگوں کی فائلیں آج تک ردی خانہ میں پڑھی ہوئی ہیں اسی طرح تمہاری فائل بھی ردی میں ڈال دوں گا دین محمد نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ میں بوڑھا آدمی ہوں اور مجھ سے پٹواری نے پہلے بھی لاکھوں روپے لیے اب بھی کہتا ہے کہ ایک لاکھ روپے دو پٹواری شفیق نے کہیں سادہ لوگوں کی زمین کی فائلیں دبا رکھی ہوئی ہیں سادہ لوگوں سے لاکھوں روپے ہتھیا لیے ہیں وزیراعظم آزاد کشمیر چیف سیکرٹری آزاد کشمیر اور ڈپٹی کمشنر ہٹیاں بالا پٹواری چوہدری شفیق کے خلاف تادیبی کاروائی کریں اور مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 13

خان۔ نامزد امیدوار دلنواز اسلم۔ و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لوکل سطح پر اختیارات کی منتقلی سردار خالد ابراہیم کا خواب تھا۔ جموں وکشمیر پیپلز پارٹی نے ہمیشہ میرٹ کی بالادستی۔ اصول کی سیاست کی ہے۔ جس پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ جماعت کا ایک نظریہ کے ساتھ نظم وضبط ہوتا ہے۔ جو لوگ نظریہ کے ساتھ کھڑے ہیں وہ پارلیمانی بورڈ کے فیصلے کو مانتے ہوئے جماعت کو سپورٹ کریں اور جو ذاتی مفاد کے لیے جماعت کے ساتھ کھڑے ہیں اور اب ٹکٹوں کی تقسیم کے خلاف کوئی اتحاد یا محاذ بنا کر کھڑے ہیں ڈسپلن کمیٹی انکے خلاف سخت ایکشن لے گی اور جو بغاوت پر اتر آئے ہیں ان کے لیے جماعت کے دروازے بند تصور کیے جائیں۔ سردار اسد ابراہیم نے کہا کہ مجھے پتہ ہے کہ بعض لوگ میرے والد کے ساتھ کھڑے رہے اور مشکل حالات کا سامنا کیا۔ ہم ان لوگوں کی قدر کرتے ہیں تو وہ لوگ بہتر سمجھتے ہیں کہ خالد ابراہیم نے کبھی اصول پر کمپرومائز نہیں کیا۔ جماعت کے اندر پارٹی بازی کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی۔ کارکن وہی ہوتا ہے جو جماعت کے مشترکہ فیصلوں کو تسلیم کرے اور پارٹی کو تقسیم ہونے سے بچائے۔ چھوٹے چھوٹے مفاد کے لیے نظریہ قربان نہیں کرنا چاہیے جس کے لیے انسان نے ساری زندگی محنت کی ہوئی ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے جموں وکشمیر پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار سردار دلنواز اسلم نامزد امیدوار یوسی تھوراڑ کی انتخابی مہم کے سلسلہ میں بھالگراں میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر نامزد امیدوار سردار دلنواز اسلم نے تمام احباب کا شکریہ ادا کیا اور عہد کیا کہ وہ خالد ابراہیم کے ویژن کو لیکر سیاست میں آنے ہیں اور اس کو لیکر گھر گھر جاؤں گا بھالگراں میرا دوسرا گھر ہے یہاں کہ لوگوں نے ہمیشہ جموں وکشمیر پیپلز پارٹی کے نظریہ کو سپورٹ کیا اور امید ہے کہ وہ جماعت کے مفاد میں تمام تر اختلافات کو بھلا کر جماعتی امیدوار کو سپورٹ کریں گے اور جماعت میں کسی بھی تقسیم کی سازش کا حصہ نہیں بنیں گے۔۔ اور انشاء اللہ 27 نومبر کو یہ سیٹ جیت کر قیادت کو تحفہ میں دیں گے۔

بقیہ 14

ان کی نماز جنازہ ان کے گھر کے قریب ادا کی گئی، نماز جنازہ میں مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے عہدیداران سمیت عوام علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت، سینٹری انسپکٹر میونسپل کارپوریشن سردار عبدالرحیم خان، ضلعی صدر پی ٹی آئی سردار اورنگزیب، حاجی نواز حیات نے مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت اور جملہ لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا ہے

بقیہ 15

عمران خان نے وہی تحفے مہنگے داموں بیچ کر قوم اور انکم ٹیکس محکمے سے جھوٹ بولا

بقیہ 16

نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر دور میں باطل کے سامنے کھڑا ہونا کردار حسینی ہے، آج وقت کی اہم ضرورت ہے کہ ہمیں حق سچ کا ساتھ دینا چاہیے کیونکہ کامیاب و کامرانی ہمشہ حق سچ کو حاصل ہوتی ہے پیر ڈاکٹر سلطان العارفین صدیقی الازہری نے کردار حسینی کے ذریعے لوگوں کو باطل قوتوں کے سامنے ڈٹ جانے کی ضرورت پہ زور دیتے ہوئے کہا کہ حضرت امام حسین نے اپنی شہادت کو قبول کر کے خدا دوستی کا وہ حق ادا کیا جس کے باعث تاریخ اسلام میں حق سچ کا جھنڈا ہمشہ بلند ہی رہے گا آنھوں نے مزید کہا کہ راولاکوٹ میں قاری محمد فیض خان مرحوم کے خاندان کی بہت دینی خدمات ہیں جس کے باعث آج یہ سپلائی کا مرکز ڈاکٹر محمد اسلم ظفر کی زیر سرپرستی علم کے چراغ روشن کر رہا ہے آج اہلسنت کے مدارس دین کی خدمت میں پیش پیش ہیں آج وقت کی اہم ضرورت ہے کہ ہم اپنا تعلق قرآن کے ساتھ جوڑ کر ملک وقوم کو درست رہنمائی فراہم کریں کیونکہ قرآنی علوم کے باعث ہی ہم دینا و آخرہ میں کامیابی و کامرانی حاصل کر سکتے ہیں آج قرآن سے دوری کے باعث ہمارے معاشرہ میں بے چینی کی کیفیت پیدا ہوگی ہے کانفرنس کی صدارت ممتاز مذہبی سکالر علامہ ڈاکٹر اسلم ظفر نے کی جبکہ کانفرنس میں جمعیت علماء جموں وکشمیر کے مرکزی سیکرٹری جنرل خان عبدالقیوم خصوصی طور پر شریک تھے ،ان کے علاوہ آزاد کشمیر کے معروف ثناء خواں سمیع الصائم نے بارگاہ رسالت میں خوبصورت انداز میں نعت شریف پیش کی۔ اسٹیج کے فرائض مہتمم ادارہ فیض القرآن سپلائی حافظ محمد اسرار نے سر انجام دیے۔ کانفرنس کے آخر میں قبلہ پیر صاحب نے ہر ماہ کے آخری ہفتے میں ماہنامہ محفل گیارہواں شریف منعقد کرنے کا اعلان بھی کیا نماز جمعہ کے بعد ملکی سلامتی، بقاء اور کشمیر کی آزادی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گی۔

بقیہ 17

سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر آفیسر تعلقات عامہ ہمراہ وزیراعظم سعید احمد کیانی تحصیلدار معروف خان نائب تحصیلدار پرویز احمد اور دیگر بھی موجود تھے اے سی جملہ امیدواروں کو الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پڑھ کر سنایا اور اس پر عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیا تقریب سے امیدواروں سردار آزاد خان جاوید جان آفتاب حسین افراہیم عباسی محمد سجاد خان منظور عالم عباسی محمد فاروق خان پاچھوٹ راجہ نوید اقبال عارف سیّد عامر حبیب گردیزی سردار طاہر محمود سیّد ارشد حسین شاہ سردار یاسر اسحاق سیّد مظہر خورشید گردیزی ظفر حسین خان پوٹھ بنگوئیں افتخار خان آرنال اور دیگر نے خطاب کے دوران انتخابی فہرستوں اور پولنگ سکیم میں غلطیوں پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اکتیس برسوں بعد بلدیاتی انتخابات ہو رہے ہیں جو خوش آئند ہے مگر انتخابی فہرستوں اور پولنگ سکیموں میں بے شمار غلطیوں پر تحفظات ہیں جنھیں اسسٹنٹ کمشنر نے یقین دلایا کہ انتخابات کے بعد دور کرنے کے لئے الیکشن کمیشن کو رپورٹ بھیجی جائے گی تا کہ ووٹرز کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔

بقیہ 18

فی الفور فورسز سمیت دیگر مسائل کو ریلسو کیا جائے تا کہ وقت پر بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ممکن ہو سکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کروٹگڑہ چھپڑا بن میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر عوام کی ایک کثیر تعداد موجود تھی انہوں نے مزید کہا کہ جموں کشمیر پیپلز پارٹی یونین کونسل ہورنہ میرہ سمیت پورے حلقہ سے بھرپور کامیابی حاصل کرے گی، جموں وکشمیر پیپلز پارٹی پر عوام کی نظریں جمی ہوئی ہیں، عوام اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، یونین کونسل اور حلقہ کی عوام کو کبھی مایوس نہیں کریں گئے ،عوام علاقہ کی جانب سے بھرپور تعاون پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے صدر حلقہ کا کہنا تھا کہ جموں وکشمیر پیپلز پارٹی تعمیر وترقی، تحریک آزادی کشمیر، اداروں کے استحکام کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے، عوام ہمارا ساتھ دیں، بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جائیں گئے، بنیادی سہولیات کا فقدان ہے۔ جس کے لیے ہماری کاوشیں جاری ہیں، اور ہر ممکن اقدامات بھی کیے جارہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنائے ،تاکہ لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوسکیں اور اقتدار عملاً نچلی سطح پر منتقل ہو سکے

بقیہ 19

پیدا ہوا تھا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے زرعی شعبے میں پاک امریکہ تعاون کے موضوع پر منعقدہ ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ویبینار کا اہتمام وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر اقرار احمد خان کی جانب سے کیا گیا جبکہ اس میں زرعی شعبے سے تعلق رکھنے والے سرکاری اور نجی شعبے سے ماہرین، تحقیقی اور زرعی اداروں کے نمائندگان، کاروباری افراد اور کسانوں کے نمائندگان شریک تھے۔ ویبینار کے انعقاد کا مقصد زرعی شعبے میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان ممکنہ تعاون اور خصوصاً ان اقدامات کی نشاندہی کرنا مقصود تھا جن کی بدولت موسم کی شدت برداشت کرنے والے بیجوں کے ذریعے پیداواری اضافہ، کسانوں کی لاگت کو کم کرنا اور زرعی اجناس کی پیداوار بڑھانا اور خاص طور پر خوراک کے تحفظ کے حوالے سے کسی بھی مشکل صورتحال سے پیشگی بچاؤ شامل تھا۔ ویبینار میں سید بابر علی، سینٹر نعمان وزیر خٹک، سینٹر سحر کامران، سیکرٹری زراعت پنجاب، معروف کاشتکار رابعہ سلطان، آفاق ٹوانہ، شوکت علی، مونسینٹو بائیر کے نمائندے سعد خان اور دیگر شخصیات شریک تھیں۔ شرکا سے خطاب کرتے ہوئے پاکستانی سفیر مسعود خان نے کہا کہ امریکی حکومت، جامعات، تحقیقاتی ادارے اور نجی شعبہ زراعت کے شعبے میں پاکستان کے ساتھ ہاتھ ملانے اور زرعی شعبے کے مسائل کے حل کے سلسلے میں مل کر کام کرنے کو تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے دوطرفہ سود مند شراکت داری کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ مسعود خان نے کہا کہ زرعی شعبے میں انقلاب لانے کے لئے جدت پر مبنی سوچ اور طرز عمل، ٹھوس حکمت عملی، واضح اہداف، مسلسل کوشش اور تمام سٹیک ہولڈرز بشمول گورنمنٹ، جامعات اور نجی شعبے کے مابین مضبوط روابط اور تعاون کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کو درپیش مشکلات پر قابو پانے اور اس شعبے میں پاک امریکہ تعلقات کے فروغ کے حوالے سے مستقبل کا لائحہ عمل مرتب کرنے کے ضمن میں کسان برادری اور سول سوسائٹی اہم سٹیک ہولڈرز ہیں۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ امریکہ کی جانب سے گہری دلچسپی اور دوطرفہ تعاون کے حوالے سے پہلے سے موجود فریم ورک جن میں ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ فریم ورک اگریمنٹ شامل ہیں زرعی شعبے میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کے حوالے سے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ مسعود خان نے وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر اقرار احمد خان کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے زرعی شعبے میں تعاون کے فروغ کے مقصد کے لئے تمام متعلقین اور سٹیک ہولڈرز کو یکجا کیا ہے اور اس حوالے سے تبادلہ خیال کا موقع فراہم کیا۔ ڈاکٹر اقرار احمد خان نے بتایا کہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد اور واشنگٹن سٹیٹ یونیورسٹی کے درمیان مضبوط تعلقات پائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی فصل کو ماحولیاتی تبدیلی سے محفوظ بنانے کی غرض سے واشنگٹن سٹیٹ یونیورسٹی کی جانب سے بیج فراہم کئے گئے ہیں جن کو متعارف اور آزمایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں جامعات جدید ٹیکنالوجی متعارف کرانے، ماحولیاتی تبدیلی کا مقابلہ کرنے والے بیجوں کی پیداوار، افرادی قوت کی ٹریننگ اور استعداد کار بڑھانے کے حوالے سے بھی تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد امریکہ محکمہ زراعت، سویابین انوویشن لیب، یونیورسٹی آف الونوئس اور نارتھ ڈاکوٹہ سٹیٹ یونیورسٹی کے تعاون سے سویابین کی کثیر المقاصد فصل متعارف کرانے کے لئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد اور یونیورسٹی آف کیلیفورنیا ڈیوس زیادہ پیداوار دینے اور بیماریوں سے مدافعت رکھنے والے چنے کی فصل کے بیج متعارف کرانے کے حوالے سے بھی کام کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر اقرار خان نے ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور انٹیلیکچوئل پراپرٹی رائٹس کے قوانین کے مکمل اطلاق کی اہمیت پر زور دیا تا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے امریکی سرمایہ کاروں کو اعتماد مل سکے۔ بانی نیشنل فرٹیلائزر کارپوریشن سید بابر علی نے بیج کو زراعت کی بنیاد قرار دیتے ہوئے زور دیا کہ زرعی شعبے کے موجودہ مسائل کو حل کرنے کے لئے غیر روایتی حل تلاش کرنے اور خصوصاً بیج کے حوالے سے ریگولیٹری رجیم کو لبرل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ مونسیٹو بائیر کے نمائندے محمد عاصم نے تمام سٹیک ہولڈرز کے لئے یکساں مواقعوں کی فراہمی، انٹیلیکچوئل پراپرٹی رائٹس قوانین کے مکمل اطلاق اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کے حوالے سے تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ سعد خان نے امریکی کمپنیوں اور مقامی شراکت داروں کے مابین مضبوط پارٹنرشپ کے قیام کی اہمیت پر زور دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے بیجوں کی تقسیم اور پھیلاؤ کے نظام کو منظم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ معروف کاشتکار رابعہ سلطان نے سائنسی بنیادوں پر محیط ریگولیٹری نظام تعارف کرانے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ سینٹر نعمان وزیر نے وائیبلیٹی گیپ فنڈنگ کی سہولت دینے تا کہ نئے اور معیاری بیجوں تک کسان کی رسائی کو یقینی بنایا جا سکے، اور بیجوں کی پراسسنگ پلانٹس کے حوالے سے خصوصی رعایت اور مراعات دینے کی اہمیت پر زور دیا

بقیہ 20

ریجنل ڈائریکٹر برائے آزاد کشمیر ڈاکٹر اظہر انجم، کوآرڈینیٹر برائے باغ سردار اسد ریاض شامل تھے۔ اس موقع پر ممبر اسمبلی، پارلیمانی سیکرٹری وترجمان حکومت پروفیسر تقدیس گیلانی، پرنسپل سیکرٹری احسان خالد کیانی و دیگر موجود تھے۔ وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈاکٹروں نے کہا کہ زلزلہ میں جن لوگوں کی ریڑھ کی ہڈی فریکچر ہوئی، ان کی بحالی کے لیے ٹیم 2005 سے کام کر رہی ہے۔ 50 لوگوں کی کفالت اور ان کو 25 ہزار روپے ماہانہ دے رہے ہیں۔ اس موقع پر وفد نے وزیراعظم کو بتایا کہ ان کی این جی او پہلے مرحلے میں ضلع مظفرآباد اور باغ میں ان لوگوں کی بحالی و رہائش کے لیے سینٹرز قائم کرے گی اور امریکن ڈاکٹرز اپنے خرچے پر یہ سینٹرز قائم کریں گے۔ جہاں پر آزاد کشمیر کی خواتین جو زلزلہ میں متاثر ہوئی ہیں ان کا علاج کیا جائے گا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے دو وزراء پر مشتمل کمیٹی قائم کرنے کا اعلان بھی کیا جو اسلام آباد میں قائم سینٹر کا دورہ کریں گے اور ان خواتین کی مظفرآباد منتقلی کے سلسلہ میں سفارشات دیں گے۔ وفد نے وزیراعظم آزاد کشمیر سے بحالی سینٹرز کے قیام کے لیے زمین کا مطالبہ کیا۔ جس پر وزیراعظم نے سپائنل کارڈ انجری بحالی پراجیکٹ پاکستان کے وفد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ڈی سی باغ کو فی الفور سپائنل ہسپتال کے قیام کیلئے باغ میں 4 سے 6 کنال زمین فراہم کرنے کا حکم صادر کیا جبکہ کمشنر مظفرآباد کو ہسپتال کے لیے دارالحکومت میں مناسب زمین فراہم کرنے کی ہدایت دی۔ اس موقع پر وفد نے وزیراعظم کو بتایا کہ اسلام آباد ایچ ایٹ میں آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والی تقریباً 30 سے 40 خواتین موجود ہیں جس پر وزیراعظم نے پارلیمانی سیکرٹریز جاوید بٹ اور امتیاز نسیم کو ہدایت کی کہ ان سینٹرز کا وزٹ کر کے رپورٹ پیش کریں کہ اگر ان افراد کو انکے اہلخانہ پاس رکھنے کو تیار نہیں تو ان خواتین کو آزاد کشمیر شفٹ کرنے کے حوالہ سے پلان بنایا جائے، حکومت آزاد کشمیر انکی دیکھ بھال کرے گی اور معذور افراد کو 15 ہزار روپے ماہانہ دے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس طرح کے ہسپتال باغ اور مظفرآباد کے علاوہ دیگر اضلاع میں بھی بنائے جائیں، حکومت آزاد کشمیر ان کی سرپرستی کریگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ آزاد کشمیر میں پی ٹی آئی کی حکومت عمران خان کے ویژن کے مطابق فلاحی معاشرے کے قیام کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لا رہی ہے، ریاست مدینہ کے اصولوں کے مطابق عام آدمی کو برابری کی بنیاد پر مواقعوں کی فراہمی کیلئے حکومت ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے، حکومت کی اولین ترجیحی ہے کہ نچلے طبقے کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے تا کہ ان کی مشکلات کم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی خوشحال ہوگا تو ریاست ترقی کریگی، اس حوالہ سے حکومت نے آزاد کشمیر میں کاٹیج انڈسٹری کے فروغ سمیت دیگر ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جس سے لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں اور ریاستی آمدن میں اضافہ ہو۔

بقیہ 21

کے حوالہ سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان نے کہا کہ حکومت آزاد کشمیر تعمیر وترقی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ آزاد کشمیر کے اندر 32 سال کے بعد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ہونے جا رہا ہے۔ حکومت آزاد کشمیر کی توقع ہے کہ وفاقی حکومت آزاد کشمیر کی تعمیر وترقی اور بلدیاتی انتخابات کے انتظامات کے سلسلہ میں آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ تعاون کرے گی۔ اپوزیشن کی جماعتیں وفاقی حکومت کو سیکیورٹی نہ دینے کا بول رہی ہیں۔ مظفرآباد کی خوبصورتی کے لیے ماسٹر پلان تیار ہے۔ آزاد کشمیر کے مختلف پراجیکٹ وفاقی حکومت کی طرف سے بجٹ میں کٹوتی کے باعث التواء کا شکار ہیں۔ آزاد کشمیر کے حالیہ جاری پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے منصوبے جو کہ مکمل نہیں ہوئے ان کو مکمل کرنے کے لیے وفاقی حکومت آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ تعاون کرے۔ اس موقع پر سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے وزیراعظم آزاد کشمیر کو یقین دلایا کہ آزاد کشمیر کے مالیاتی مسائل کا معاملہ وہ وفاقی حکومت سے اٹھائیں گے اور اس سلسلہ میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت نے آزاد کشمیر پی ایس ڈی پی کے منصوبے نامکمل چھوڑ رہے ہیں اور ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی کے باعث تعمیر وترقی کا عمل سست روی کا شکار ہے، وفاقی حکومت آزاد کشمیر میں پی ایس ڈی پی کے منصوبے مکمل کرے تا کہ آزاد خطہ کی بحالی و تعمیر نو کا کام مکمل ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سیاحت کا بہت پوٹینشل ہے، حکومت کی کوشش ہے کہ سیاحت کو انڈسٹری کا درجہ دیکر اس میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کروائی جائے تا کہ ریاست کی آمدن بھی بڑھے اور لوگوں کو مقامی سطح پر روزگار کے مواقع میسر آئیں، سیاحت کے شعبہ سے آزاد کشمیر کا مستقبل منسلک ہے، انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں حکومت آزاد کشمیر نے اپنی جانب سے بجٹ میں خطیر رقم بھی مختص کی ہے تاہم ترقیاتی فنڈز میں کمی کے باعث حکومت کو مسائل کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں گزشتہ تین دہائیوں سے انتخابات نہیں ہوئے، پی ٹی آئی نے اپنے انتخابی منشور میں عوام سے وعدہ کیا تھا کہ بلدیاتی انتخابات کروا کر اقتدار نچلی سطح پر منتقل کیا جائے گا جس کو عملی جامہ پہناتے ہوئے حکومت بتیس سال بعد اقتدار نچلی سطح پر منتقل کرنے جا رہی ہے۔

بقیہ 22

لئے ہر ہتھکنڈہ اپنا رہے ہیں۔ اپوزیشن کمپران بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کو روکنے کے لئے اسلام آباد میں پی ڈی ایم کے وزیر داخلہ کو سیکورٹی فورسز فراہم نہ کرنے کے لئے دباؤ ڈالتے ہیں اور آزاد کشمیر میں مگرمچھ کے آنسو بہا کر عوام سے ہمدردیاں سمیٹنا چاہتے ہیں۔ یہ منافقانہ کردار عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر ہر صورت بلدیاتی انتخابات کرانے کے لئے پرعزم ہیں۔ اپوزیشن غیر ضروری ابہام پیدا کر رہی ہے تا کہ ان کی موروثی سیاست دائم رہے۔ وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان کی قیادت میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد کر کے اپوزیشن کی چور دروازے سے اپنے بچوں کو اقتدار میں لانے کی روش کو ہمیشہ کے لئے دفن کریں گے۔ اصول ومیرٹ کا راگ الاپنے والے بھی اسی اپوزیشن کا ساتھ دے رہے ہیں جنہوں نے ہمارے اور ان کے بزرگوں کی قبروں پر سوٹیاں مارنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ موصوف اقتدار حاصل کرنے کے لئے اپنے والد کے اصولوں اور جمہوری روایات کو اپنے پاؤں تلے روند رہے ہیں۔ ہم ہر حال میں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کی لاج رکھیں گے اور ان کی طرح عام آدمی کے حق کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ علاقہ، براری، قبیلہ کی سیاست کرنے والے سن لیں کہ ہماری برادری ریاست کے لوگ ہیں جن کے حقوق کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 23

میں سیاحت کے پوٹینشل کے حوالہ سے دارالحکومت کے مختلف علاقوں کا دورہ کروایا۔ وزیراعظم اور سینیٹر سلیم مانڈوی والا کو لوہارگلی سے مظفرآباد شہر کا نظارہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے انہیں بتایا کہ آزاد کشمیر میں سیاحت کا بہت پوٹینشل موجود ہے اور اس سلسلہ میں حکومت آزاد کشمیر اپنی جانب سے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے جبکہ وفاقی حکومت کی جانب سے بجٹ کٹوتی جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ جس کی وجہ سے حکومت آزاد کشمیر کے جاریہ منصوبہ جات التوا کا شکار ہیں۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے وزیراعظم کو یقین دلایا کہ وہ اس سلسلہ میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا سینیٹ آف پاکستان کے ڈپٹی چیئرمین، وفاقی وزیر خزانہ کے طور پر بھی خدمات دے چکے ہیں جبکہ اس وقت وہ فنانس کمیٹی کے ہیڈ ہیں۔

بقیہ 24

کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پی ڈی ایم کی حکومت اور آزاد کشمیر میں پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں الیکشن کا راستہ روکنا چاہتی ہیں۔ انتخابات کا التواء حکومت پاکستان کے خلاف شدید ردعمل کا باعث بن سکتا ہے۔ مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بلدیاتی الیکشن کے بروقت انعقاد کے لئے سیکورٹی فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار قائد مسلم کانفرنس سردار عتیق احمد خان نے حلقہ انتخاب میں مختلف کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن ہزاروں بلدیاتی امیدواروں کو اندھیرے میں رکھنے کے بجائے اپنی پوزیشن واضح کرے۔ بلدیاتی الیکشن کے ہزاروں امیدواروں کے اربوں روپے خرچ کروانے کے بعد لگتا ہے الیکشن کمیشن فرار کا راستہ ڈھونڈ رہا ہے۔ امن کمیٹیوں کے قیام کا فیصلہ اپنی ناکامی کا اعتراف ہے۔ امن وامان کا قیام عوام کی نہیں حکومت کی ذمہ داری ہے۔ امن کمیٹیوں کا تصور نا قابل عمل منصوبہ ہے۔ آخری مرحلے میں الیکشن کے متعلق غیر یقینی کیفیت پیدا کرنا شدید عوامی ردعمل اور غیظ وغضب اور ردعمل کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم کانفرنس شروع دن سے ہی بلدیاتی الیکشن کے حق میں ہے، ہم نے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے حکومت کے فیصلے کی تائید کی۔ آزاد کشمیر میں 32 سال بعد بلدیاتی انتخابات ہونے جارہے ہیں جس سے ریاست میں تعمیر وترقی کا آغاز ہوگا اور اقتدار نچلی سطح پر منتقل ہوگا۔ ان شاء اللہ مسلم کانفرنس بلدیاتی الیکشن میں بہترین نتائج دیگی۔

بقیہ 25

مطابق عالمی نرخ پریس کی قیمت میں بھی 4 فیصد کمی ہوئی ہے جس کے بعد قیمت 6 ڈالر 8 سینٹ فی ایم ایم بی ٹی یو ریکارڈ ہوئی ہے

بقیہ 26

میں ملاقات کی۔ ملاقات میں سیاسی صورتحال، لانگ مارچ، انتخابات اور ترقیاتی منصوبوں پر بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر عمران خان نے کہا کہ محکمہ صحت میں کرپشن سے پاک ماحول اور بھرتی میں میرٹ کے کلچر کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحت عامہ کے میگا پراجیکٹس سے متعلق بھرپور آگاہی مہم چلائی جائے۔ اس موقع پر وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر اختر ملک نے کہا کہ پنجاب حکومت صحت عامہ کے منصوبوں کی جلد تکمیل کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ ڈاکٹر اختر ملک نے کہا کہ محکمہ صحت میں ایڈہاک بھرتیوں سے ہسپتالوں کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئے گی

بقیہ 27

کو کالعدم قرار دیدیا۔ سپریم کورٹ نے موٹروے پر بائیکس چلانے کی اجازت دینے کیخلاف کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ 9 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس محمد علی مظہر نے تحریر کیا جس میں موٹروے پر بائیکس چلانے کیخلاف وفاقی حکومت کی درخواست منظور کر لی گئی۔ سپریم کورٹ نے اپنے تفصیلی فیصلے میں موٹروے پر بائیکس چلانے کی اجازت دینے کے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کو کالعدم قرار دے دیتے ہوئے لکھا کہ موٹرویز پر بائیکس چلانے کی اجازت دینا خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے میں مزید کہا گیا کہ موٹروے پر تیز رفتار ٹریفک موٹرسائیکل سواروں کیلئے خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ شہریوں کی حفاظت کیلئے بائیکس پر پابندی بنیادی حقوق کی خلاف ورزی نہیں۔ فیصلے میں یہ بھی کہا گیا کہ قانون شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کیلئے بنائے جاتے ہیں، حکومت کے پاس احتیاطی تدابیر کے تحت مخصوص علاقوں میں موٹر سائیکل پر پابندی کا اختیار ہے۔

بقیہ 28

کی ذمہ داری ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا بلدیاتی انتخابات میں التوا باشعور عوام نوجوان اور جماعت اسلامی قبول نہیں کرے گے۔ آزاد کشمیر حکومت اور چیف الیکشن کمشنر حکومت پاکستان سے سیکورٹی کی فراہمی کا اہتمام کریں، بلدیاتی انتخابات میں امن وامان کو قائم رکھنے کی ذمہ داری حکومت اور انتظامیہ کی ہے حکومت اور انتظامیہ کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ انھوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے امانتدار اور دیانتدار قیادت اتار دی ہے عوام اعتماد کریں، بلدیاتی انتخابات جمہوری اداروں کی مضبوطی کا ذریعہ ہیں، اس کے نتیجے میں قومی کو نئی قیادت میسر آئی ہے ،بلدیاتی اور طلبہ یونینز کے انتخابات قیادت کی تیاری کی نرسریاں ہیں۔

بقیہ 29

سے کوششیں جاری ہیں لیکن آج تک کوئی معقول نمائندگی اور آواز نہ ہونے کی وجہ سے یہ عمل بھی پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکا ہے، دستکاری کے حوالہ سے کوئی بھی ٹیکنیکل ادارہ نہیں، ایجوکیشن کے حوالہ سے بھی اگر دیکھا جائے تو فنی تعلیم کیلئے بھی کوئی سہولت نہیں اور اسی کے ساتھ ساتھ زندگی کی بنیادی سہولیات بھی نہ ہونے کے برابر ہیں، سولنگ والی روڈز کی حالت بھی اتنی خراب ہے کہ گاڑی تو دور اس پر پیدل چلنا بھی وبال جان ہوتا ہے۔ جن چیزوں کو دیکھتے ہوئے اور ان کے مسائل کے حل کی نیت لے کر، لوگوں کو سہولیات بہم پہنچانے کے لئے الیکشن میں اترنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں ''کشمیر دھرتی ڈیجیٹل'' کو اپنے ایک خصوصی انٹرویو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ دیگر سہولیات کے فقدان پر اگر صبر شکر کر بھی لیا جائے تو بھی زندگی کی وہ بنیادی سہولیات کے جن کے بغیر زندگی کا تصور انتہائی مشکل ہوتا ہے وہ بھی دستیاب نہیں ہیں، بنیادی مرکز صحت تو دور کی بات کوئی ایسی چھوٹا موٹا سینٹر بھی وہاں نہیں جہاں کسی کو ایمرجنسی میں ایک انجکشن تک لگایا جا سکے، پھر جب انہیں بڑے مراکز میں منتقل کرنے کیلئے سفری سہولیات کی بات آتی ہے تو سڑکوں کی حالت زار ایسی ہے کہ وہ بندہ راستے میں ہی دم توڑ جائے، تباہ حال تعلیمی ادارے ایسے ہیں کہ جہاں بچے کھلے آسمانوں تلے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں اور تعلیم بھی ایسی کہ جہاں اداروں میں نہ تو سٹاف مکمل ہے اور نہ ہی کوئی ایسی سہولت موجود ہے، جس سے کم ازکم بچوں کو اپنی تعلیم کی تکمیل میں کچھ مدد ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کے اختیارات یا وسائل کے حوالہ سے جب چیزیں مکمل کر لی جائیں گی تو میری ذاتی طور پر یہی کوشش بھی ہوگی کہ ہمیں جو فنڈز یا جو وسائل میسر ہوں گے انہیں سو فیصد عوام کی بھلائی اور فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے تا کہ لوگوں کو اس اذیت اور مشکلات کی صورتحال سے باہر نکالنا ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی منصوبہ بندی کر رکھی ہے، جس سے یہ چیزیں عملی طور پر کر کے دکھاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی الیکشن ہی ہمارے روشن مستقبل کیلئے امید کی آخری کرن ہے ورنہ آج تک لوگوں کے بنیادی مسائل حل نہیں ہوسکیں ہیں اور نہ ہی اتنے چھوٹے پیمانے پر انہیں اس طرح سے ایڈریس ہی کیا گیا ہے جسے انہیں کیا جانا چاہیے تھا اور یہی وجہ ہے کہ ہم آج تک اپنی بنیادی سہولیات سے محرومی کا رونا رو رہے ہیں جس پر شدید اذیت اور تکلیف ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں جہاں بھی جاتا ہوں وہاں لوگوں کی سہولیات کیلئے اور انہیں مسائل سے نکالنے کیلئے جو پلان بنا رکھا ہے وہ ان کے سامنے رکھتا ہوں اور انہیں یہی کہتا ہوں کہ اگر آپ کو میرے پلان اور منصوبہ بندی سے اتفاق ہے تو مجھے ووٹ دے کر کامیاب کریں۔ انہوں نے کہا کہ میرے مقابلہ میں دیگر امیدواران بھی ضرور موجود ہیں لیکن میں اپنے لوگوں سے بھی یہی سوال کرتا ہوں کہ آپ سب کی آج تک کارکردگی کے حوالہ سے جائزہ لیں اور سب کی خدمات کا جائزہ لیتے ہوئے پہلے یہ دیکھیں کہ کس میں آپ کے مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت موجود ہے اور آج تک کس نے آپ کے مسائل کو متعلقہ فورمز تک پہنچانے کیلئے کوششیں کی ہیں آپ اسے ووٹ دیں کیوں کہ اگر آج بھی ہم ذاتی مفادات کو ہی سامنے رکھتے ہوئے اس قومی امانت کا استعمال درست نہیں کریں گے تو اسی طرح مسائل اور مشکلات کی دلدل میں پھنسے رہیں گے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ کسی بھی لالچ سے بالاتر ہو کر ہمیں اجتماعی مفاد کیلئے کام کرنا ہوگا تا کہ اس کے دور رس نتائج آئیں اور ہمیں ان مشکلات سے ہمیشہ کیلئے جان چھوٹے۔ انہوں نے کہا کہ میری منصوبہ بندی میں یہ تمام بنیادی نکات شامل ہیں اور ان تمام مسائل کو حل کرتے ہوئے میری پہلی ترجیح یہ ہوگی کہ ہماری اس وارڈ میں کوئی بھی ایسا کمیونٹی حال موجود نہیں ہے کہ جس کو کسی ہنگامی صورت حال میں زیر استعمال لاتے ہوئے اس سے مستفید ہوا جاسکے، ایسا کمیونٹی حال بے حد ضروری ہے جہاں پر سرکاری پروگرامات منعقد ہوں، کوئی این جی آئے تو وہاں پر اسے پروگرام کرنے کی جگہ میسر ہو، کوئی بھی سماجی سرگرمی ہو یا کوئی بھی ایسا پروگرام ہو تو اسی حال کے اندر منعقد کیا جائے اور کوئی بھی آفت آئے یا کوئی مصیبت ہو تو اس حال کو ہر طرح سے اپنے لئے سود مند بنایا جاسکے اور میں پہلی ترجیح میں اس حال کی تعمیر یقینی بناتے ہوئے اپنے لوگوں کیلئے یہ سہولیات ضرور مہیا کروں گا تا کہ ہماری محرومیوں کا ازالہ ممکن ہو سکے۔۔ انہوں نے آخر میں اپنے ایک خصوصی پیغام میں کہا کہ میں اپنے لوگوں کے سامنے اپنا منشور رکھ چکا ہوں، اگر آپ اپنے مستقبل کا بہتر فیصلہ کرنا چاہتے ہیں تو مجھے ضرور کامیاب کریں اور اگر آج بھی ہم ٹوٹی، کھمبے، نلکے اور پیسے کی سیاست کے پیچھے بھاگیں گے تو اس سے نہ صرف ہمیں نقصان ہوگا بلکہ اس وقتی فائدے سے ہم اپنی آنے والی نسلوں کا مستقبل بھی داؤ پر لگا بیٹھے گے جس کا خمیازہ آگے ان کی نسلوں تک کو بھی بھگتنا پڑے گا۔ اس لئے اب کی بار ان بلدیاتی الیکشن میں ہمیں بہت سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا ہوگا، سابقہ کارکردگی اور کاموں کو سامنے رکھتے ہوئے ووٹ کے حق کو استعمال کرنا ہوگا اور ایسی قیادت کو سامنے لانا ہوگا کہ جو بہت با اعتماد انداز میں ہمارے مسائل کو نہ صرف ایڈریس کر سکے بلکہ اسے حل کرنے اور کروانے کی صلاحیت سے بھی مالا مال ہو۔

بقیہ 30

امیدواروں کو فنڈز کی فراہمی اور سیاسی مخالفین کے خلاف مختلف حربے استعمال کیے جانے کے خلاف چیف الیکشن کمشنر کو مکتوب ارسال کر دیا۔ مکتوب میں بلدیاتی انتخابات کے شیڈول کا اعلان ہونے کے بعد حکومتی وسائل کا استعمال اثر ورسوخ تقرریوں تبادلوں ،ترقیاتی فنڈز کی بندر بانٹ، سیاسی کارکنوں پر اثر انداز ہونے اور وزیراعظم سیکرٹریٹ کو پی ٹی آئی الیکشن سیل میں تبدیل کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ مکتوب میں کہا گیا ہے کہ 27 نومبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے نئے منصوبہ جات تقرریوں تبادلوں پر اور کسی بھی ایسے اعلانات پر جو بلدیاتی انتخابات پر اثر انداز ہوسکتے ہیں پابندی عائد کر رکھی ہے لیکن وزیراعظم آزاد کشمیر اور وزراء کھلے عام ایسے اعلانات کر رہے ہیں جن پر الیکشن کمیشن نے پابندی عائد کر رکھی ہے اور یہ بلدیاتی انتخابات پر اثر انداز ہونے کی کوشش ہے اور وزیراعظم اور وزراء سرکاری پروٹوکول کے ساتھ ضلع کونسل میونسپل کارپوریشن بلدیہ ٹاؤن کمیٹیوں اور یونین کونسل کے وارڈز میں مداخلت کر رہے ہیں جن کی میڈیا (اخبارات) میں رپورٹس بھی شائع ہو چکی ہیں ہمارا مطالبہ ہے کہ الیکشن کمیشن ان حکومتی سرگرمیوں کا سخت نوٹس لے اور کاروائی کرے تا کہ صاف وشفاف انتخابات کا انعقاد ممکن ہو سکے حکومتی اقدامات سے اپوزیشن اور عوام میں شدید تحفظات پائے جاتے ہیں اور حالات خرابی کی طرف جاسکتے ہیں صاف وشفاف انتخابات الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے امید ہے الیکشن کمیشن فوری کارروائی کرتے ہوئے حکومتی مداخلت کا نوٹس لے کر اپوزیشن کے تحفظات دور کرے گا۔

بقیہ 31

عدالت کے حوالے کرے گا۔ پاکستان کی جانب سے قانونی اور آبی ماہرین پر مشتمل وفد واشنگٹن روانہ ہو گئے، وفد میں سیکرٹری آبی وسائل، انڈس واٹر کمشنر اور ماہرین شامل ہوں گے، جبکہ ڈیزائن اور اعتراضات کی دستاویزات حوالگی تقریب میں بھارتی وفد بھی شریک ہوگا۔ پاکستان نے متنازع ڈیزائن پر 2016 میں عالمی بینک سے رجوع کیا تھا، اور عالمی بینک نے 5 سال کے بعد اکتوبر 2021 کو ثالثی عدالت تشکیل دی۔ بھارت نے معاملہ مل جل کر حل کرنے کی تجویز دی تھی، لیکن پاکستان نے بھارت کے ٹریک ریکارڈ کی بنیاد پر یہ تجویز مسترد کر دی تھی۔ واضح رہے کہ بھارت دریائے جہلم پر 330 میگاواٹ کا کشن گنگا ڈیم تعمیر کر رہا ہے، اس ڈیم میں بھارت 7 لاکھ کیوبک میٹر پانی ذخیرہ کرے گا، جبکہ پاکستان کا مقف ہے کہ ڈیم میں ایک لاکھ کیوبک میٹر سے زیادہ پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش نہ ہو۔ پاکستان نے ڈیم کے اسپل ویز کی چوڑائی پر بھی اعتراض کر رکھا ہے۔ دوسری جانب بھارت دریائے چناب پر بھی 850 میگاواٹ کا ریٹلی ڈیم بھی تعمیر کر رہا ہے، اور اس ڈیم میں ایک کروڑ 40 لاکھ کیوبک میٹر پانی ذخیرہ کرنا چاہتا ہے، جبکہ یہاں پر پاکستان کا مقف ہے ذخیرہ کی گنجائش 8.8 ملین کیوبک میٹر سے زیادہ نہ ہو۔

بقیہ 32

کہ تحریک انصاف 25 مئی کو بھی اپنی یقین دہانی کی خلاف ورزی کر چکی ہے۔ رپورٹ میں علی امین گنڈاپور اور دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کے اشتعال انگیز بیانات بھی رپورٹ کا حصہ بنایا گیا ہے، اور کہا گیا کہ پی ٹی آئی کے ایک رہنما نے وزیر داخلہ کو جان سے مارنے کی دھمکی بھی دی، ویڈیوز موجود ہیں جن میں کارکنوں کو غلیلیں بھی دی جارہی ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ شیخ رشید اور فیصل واوڈا کہہ چکے ہیں یہ خونی مارچ ہوگا، خود عمران خان بھی تسلیم کر چکے ہیں ان کے کچھ لوگ مسلح ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ واضح کر چکی اجتماع کی اجازت جمہوری حق کے طور پر دی جاتی ہے، اور اجتماع قانونی حکومت کو ختم کرانے کیلئے نہیں ہوسکتا، احتجاج سے سفارتی نقل وحرکت بھی بند ہوتی ہے۔ رپورٹ میں تجویز دی گئی ہے کہ ائیرپورٹ تک جانے والے راستوں پر وفاقی ایجنسیز کو اختیار دیا جائے، پی ٹی آئی سے فنانشل گارنٹی بھی لی جاسکتی ہے کہ کوئی نقصان نہ ہو۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ پی ٹی آئی مطلوبہ ضمانت دے دے تو کنٹینرز بھی رکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی، عدالتی فیصلوں کے مطابق ہی پی ٹی آئی کو احتجاج کی اجازت دی جائے، مطلوبہ شرائط کے مطابق احتجاج ہوا تو سکیورٹی دینے کو تیار ہیں۔

بقیہ 33

دونوں آج روات میں اکٹھے ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق حقیقی آزادی لانگ مارچ بھرپور جوش وخروش سے جاری ہے، سابق وزیراعظم عمران خان کا کنٹینر روات پہنچا دیا گیا ہے۔ تحریک انصاف کے حقیقی آزادی مارچ کے دونوں حصے شاہ محمود اور اسد عمر کی قیادت میں دو مختلف روٹس پر آج روات میں اکٹھے ہوں گے۔ عمران خان سوا چار بجے ویڈیو لنک پر شرکاء سے خطاب کریں گے اور اپنے خطاب میں راولپنڈی جانے کی تاریخ کا اعلان کریں گے۔ 11 نومبر کو اسد عمر کی قیادت میں ٹوبہ ٹیک سنگھ سے لانگ مارچ کے ایک روٹ کا آغاز کیا گیا، اسد عمر کی قیادت میں 8 دن میں لانگ مارچ کل چکوال پہنچا۔ تحریک انصاف کا کہنا ہے کہ چکوال کے بعد لانگ مارچ کارواں کی شکل میں نہیں جائے گا، کارکنوں کو روات از خود پہنچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 34

کے علاقے نوشہرہ میں ایک آپریشن کے دوران فائرنگ کر کے نوجوان کو شہید کر دیا۔ بھارتی وزارت دفاع کے ترجمان نے دعوی کیا ہے کہ نوجوان درانداز تھا جو ایل او سی پر مارا گیا اس کی لاش قبضے میں لے لی گئی ہے۔

بقیہ 35

سے ہی ایک نام پر سب کا اتفاق رائے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آرمی چیف کی تقرری کا عمل پیر سے شروع ہوگا اور 29 نومبر کو تقریب ہوگی جبکہ اتفاق ہوگیا ہے کہ کسی بھی نام پر عسکری وسیاسی قیادت اتفاق کرے گی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ اسحاق ڈار نے صدر سے ملاقات میں آرمی چیف کی تعیناتی کے حوالے سے بات کی، سسٹم میں فوج کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، کوئی بھی فیصلہ اتحادیوں کی مشاورت کے بغیر نہیں کریں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ عمران خان آرمی چیف کی تعیناتی کو متنازع بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، ملک کی 75 سالہ تاریخ میں کسی نے اتنے الزام نہیں لگائے جتنے عمران خان نے لگائے، وہ بار بار ایک ہی بات دہرا رہے ہیں کہ نواز شریف مرضی کا آرمی چیف لا رہے ہیں۔

بقیہ 36

چیئرمین نے غیر جمہوری قوتوں کے کندھوں پر سیاست کی، سابق وزیراعظم کے فیصلے کی وجہ سے اتنا نقصان پہنچایا گیا کہ ملک ڈیفالٹ کے خطرے میں ہے۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ جمہوریت کی ترقی میں پیپلز پارٹی کا خون، پسینہ شامل ہے، عمران خان کا کرکٹر سے لیکر سلیکٹ ہونے کا سفر سب کے سامنے ہے، پاکستان کی تاریخ سب کے سامنے ہے، عمران خان کو ملک پر مسلط کیا گیا، گزشتہ چار سال میں خارجہ پالیسی اور پاکستان کو نقصان پہنچایا گیا، سارا بوجھ پاکستان کے عوام اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ روس، یوکرین جنگ سے پوری دنیا کو معاشی تباہی کا سامنا ہے، سابق وزیراعظم کے فیصلے کی وجہ سے اتنا نقصان پہنچایا گیا کہ ڈیفالٹ کے خطرے میں ہیں، مشرق وسطی، یورپ سے لیکر امریکا تک تعلقات کو نقصان پہنچایا گیا، عمران خان کے نام نہاد لانگ مارچ کا کوئی جمہوری مقصد نہیں ہے، عمران خان نے پوری سیاست غیر جمہوری قوتوں کے کندھوں پر کی، ایک شخص کی انا کی وجہ سے ملک کو نقصان پہنچایا گیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ خان صاحب اور ان ساری قوتوں کو پیغام دیتا ہوں اب یہ کھیل کھیلنا بند کر دیں، پاکستان اور عوام یہ کھیل افورڈ نہیں کر سکتے، اگر حقیقی آزادی، جمہوریت مقصد ہے تو اسی ہفتے کو لانگ مارچ کے اعلان کو کیوں چنا؟ لانگ مارچ کے لیے پنڈی کو کیوں چنا گیا؟، خان صاحب کا مقصد ہے کہ ایک بار پھر ملک کی قسمت کے ساتھ کھیل کھیلا جائے، سیاست، احتجاج کرنا عمران خان کا حق ہے لیکن اس تقرری کو آئینی و قانونی طریقے سے مکمل ہونے دیں پھر سو بسم اللہ۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ اگر آپ اسی ہفتے پنڈی میں تماشا کریں گے تو پھر سب جانتے ہیں آپ کا مقصد کیا ہے، پہلے اور آج بھی اس سازش کو ناکام بنائیں گے، آپ سے درخواست کر رہے ہیں ایسی سیاست سے گریز کیا جائے، جب تک ایسے کھلونے رہیں گے تو پھر ملک کو اسی طرح کا نقصان ہوتا رہے گا، آپ ایک آئینی عمل کو متنازع بنانے کی کوشش کر رہے ہیں

بقیہ 37

مجسٹریٹ اسلام آباد نے دی۔ اسلام آباد سے تمام چھوٹی ریلیاں کورال چوک جمع ہوں گی، اسلام آباد ریجن کے شرکا روات میں مارچ کا حصہ بنیں گے اور عمران خان اپنے خطاب میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ پی ٹی آئی کو ریلی نکالنے کے لئے 35 شرائط کی پابندی کرنا ہوگی، پی ٹی آئی کو ریلی کی اجازت صرف کورال چوک سے روات تک روٹ کے لئے دی گئی۔ این او سی کے مطابق ریڈ زون اور باقی علاقوں میں دفعہ 144 کا نفاذ رہے گا، کوئی بھی سڑک کسی طرح سے بلاک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، سرکاری اور نجی املاک کو ہرگز نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔ این او سی میں کہا گیا ہے کہ ریلی کے لئے اسلام آباد کیپٹل پولیس باقاعدہ ٹریفک پلان جاری کرے گی، ریاست، مذہب، نظریہ پاکستان کے مخالف نعروں اور تقریروں کی اجازت نہیں ہوگی، سپیکر اور لاؤڈ سپیکر کا استعمال مروجہ قانون کے مطابق کیا جائے گا۔ ریلی میں ہتھیار، اسلحہ اور ڈنڈے وغیرہ لانے پر کارروائی ہوگی اور کسی جماعت کا جھنڈا نذر آتش کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ میونسپل کارپوریشن کے قواعد وضوابط پر بھی عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، ایونٹ میں پاکستانی اقدار کی بھی پاسداری کی جائے گی، ریلی کے منتظمین شرکا کی چیکنگ اور اندرونی سیکورٹی کے ذمہ دار ہوں گے، کسی خطرے کی صورت میں ریلی کے منتظمین انتظامیہ کو معلومات فراہم کرے گی۔ شقوں کی خلاف ورزی کی صورت میں این او سی منسوخ کر دی جائے گی۔ شرائط کی خلاف ورزی پر قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 38

کو کمزور کرنے کے غیر ملکی ایجنڈے پر ہے اس کا ساتھ دینا غیر ملکی ایجنڈے کو تقویت دینا ہے، آزاد کشمیر کی حکومت کے دن گنے جا چکے، ڈیڑھ سال میں کام کیا ہوا جواب آگے کریں گے اب ان کو موقع ہی نہیں دینگے، خدمت کا سفر دوبارہ شروع ہوگا، ہم نے 5 سال محنت کر کے ریاست کو ترقی کے راستے پر ڈالا موجودہ حکومت نے سارے نظام کو تہس نہس کر کے رکھ دیا ہے، کسی کو ذمہ داری کا احساس نہیں ہے، ہم نے خدمت کی عام آدمی کو ہمارے دور کی اصلاحات کا فائدہ ہوا آج حکومت کی سمت ہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد مسلم لیگ ن محمد نواز شریف کی ہدایت پر وزیراعظم (وقت) شاہد خاقان عباسی نے ہمیں آئینی مالیاتی انتظامی اختیارات واپس کیے۔۔ ان خیالات کا اظہار راجہ محمد فاروق حیدر خان نے گجر بانڈی کے علاقے لوئر گجر بانڈی، بانڈی چکاں، گڑتھامہ، پرائی، پاہل میں انتخابی مہم کے دوران کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امیدوار ممبر ضلع کونسل الطاف کیانی، مرزا آصف، خواجہ مسرور، ممتاز ترک، چوہدری پرویز، چوہدری باغ حسین، خادم حسین ملک، عرفان درانی ودیگر نے بھی خطاب کیا۔ سابق وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا کہ ہم جب اقتدار میں آئے تھے تو ڈیزل کے پیسے نہیں تھے جب واپس گئے تو اربوں چھوڑ کر گئے اب پھر بُرا حال ہے، ایک ارب روپے کی گاڑیاں خریدی گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزراء مجھے کہتے ہیں کہ الیکشن ملتوی کرواؤ، اب لڑیں الیکشن ہم مقابلہ کرینگے ہم سے بھی غلطیاں ہوئی ہیں ہو مگر جو حالت اس حکومت کی ہے ایسی کسی کی نہیں رہی اگر بلدیاتی انتخابات نہ ہو رہے ہوتے تو اس وقت تک حکومت کا بوریا بستر گول ہو چکا ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس تعداد پوری ہے وزیراعظم اور وزراء حکومت پاکستان پر الزام لگا رہے ہیں، کتنی دفعہ وہ حکومت پاکستان کے پاس گئے ہیں؟۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں انہی کی جماعت نے دھرنے کے ذریعے دارالحکومت کو مفلوج بنانے کا پروگرام بنایا ہوا ہے، اسلام آباد کو انتشاری گروہ کے حوالے نہیں کیا جاسکتا عمران خان مایوس ہو چکا ہے اب وہ افراتفری پیدا کرنے کے لیے ہر کام کریگا اس کا راستہ روکنا ہے اور اس کا آغاز آزاد کشمیر سے کریں گے۔

بقیہ 39

کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا، ہیڈ سٹارٹ سکول کی پرنسپل ڈاکٹر نازنین مرتضیٰ نے صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں ادارے کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس موقع پر صدارتی مشیر سردار امتیاز خان، چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر مختار احمد، سیکرٹری صدارتی امور ڈاکٹر آصف حسین ودیگر بھی صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر ادارے کی پرنسپل نے صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کو ادارے میں جاری نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے ادارے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیمی ادارے جہاں فروغ تعلیم میں اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں وہاں کوالٹی ایجوکیشن بھی ان کا طرہ امتیاز ہے۔ ایم ٹی بی سی صحت، آئی ٹی انفراسٹرکچر اور ایوی ایشن سمیت دیگر شعبوں میں اپنی بہترین خدمات دے رہی ہے۔ آزاد کشمیر میں مثالی تعلیمی تبدیلیوں کا آنا خوش آئند ہے۔ اس موقع پر صدر ریاست نے ہیڈ سٹارٹ سکول کے سٹاف اور بچوں سے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی درج کیے اور بعد ازاں صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کو ادارے کی پرنسپل ڈاکٹر نازنین مرتضیٰ نے ادارے کی شیلڈ بھی پیش کی۔

بقیہ 40

ریٹرننگ آفیسر کی طرف سے حتمی نتائج حاصل کرنے کے 24 گھنٹے بعد تک برقرار رہے گی اور اس سلسلہ میں تمام سرکاری قواعد کی سختی سے پابندی کی جائے گی۔ کسی بھی شخص کی طرف سے پولنگ اسٹیشن یا ان کے نزدیک کسی بھی قسم کی فائرنگ بشمول ہوائی فائرنگ، پٹاخوں یا دیگر آتش گیر مواد کے استعمال کی اجازت نہ ہوگی۔ کوئی بھی شخص پولنگ میٹریل از قسم بیلٹ پیپرز، بیلٹ باکس، مواہیر و دیگر سامان جو کہ پولنگ اسٹیشن پر پولنگ کے لیے فراہم کیا گیا ہے، کے ساتھ کسی بھی قسم کی چھیڑ خانی نہیں کرے گا۔ ایسا کرنے والے شخص کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بیلٹ پیپرز یا بیلٹ باکس کو نقصان پہنچانے یا چھیننے کی کوشش کرنے والے کے ساتھ سخت قانون کارروائی کے ساتھ ساتھ جس امیدوار کا وہ شخص حمایتی ہوگا اس کو نااہل قرار دیے جانے کی کارروائی ہوگی۔ ہر شخص پولنگ اسٹیشن پر موجود پولنگ کے عملہ سے مکمل تعاون کرے گا اور پولنگ اسٹیشن پر تعینات پریذائیڈنگ آفیسرز اور دیگر انتخابی عملہ کی عزت نفس کا مکمل خیال رکھے گا۔ پریذائیڈنگ آفیسرز یا الیکشن عملہ سے بدتمیزی، بداخلاقی یا ان کے فرائض کی ادائیگی میں کسی بھی قسم کی مداخلت نہیں کرے گا۔ کوئی بھی شخص جو کہ پولنگ اسٹیشن کے اندر کسی بھی قسم کے لڑائی جھگڑے کا باعث بنے گا، تو پریذائیڈنگ آفیسر فوری طور پر پولنگ اسٹیشن سے باہر نکالے گا اور مزاحمت پر نہ صرف اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی بلکہ اس امیدوار کو بھی نااہل قرار دیا جائے گا جس کا وہ حمایتی ہے۔ پولنگ کے دن پولنگ اسٹیشن کی اطراف 400 میٹر کے اندر ووٹرز کو ووٹ کے لیے قائل کرنے، ووٹرز کو ووٹ ڈالنے یا نہ ڈالنے کی التجاء کرنے اور کسی خاص امیدوار کے لیے مہم چلانے پر مکمل پابندی ہوگی۔ اس احاطہ کے اندر کسی قسم کا کیمپ آفس قائم کرنے کی کسی صورت بھی اجازت نہ ہوگی۔ ووٹرز، امیدواران یا مجاز الیکشن / پولنگ ایجنٹ کے علاوہ کسی بھی دیگر شخص کو الیکشن کمیشن، ضلعی ریٹرننگ آفیسر یا متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کی طرف سے جاری کردہ موثر اجازت نامہ کے بغیر پولنگ اسٹیشن پر جانے کی اجازت نہ ہوگی۔ تمام امیدواران اپنے حمایتیوں کو نظم و ضبط پیدا کرنے کے لیے موثر اقدام اٹھائیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی صورت میں پریذائیڈنگ آفیسرز، رابطہ و امن کمیٹی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، ڈیوٹی مجسٹریٹ، مانیٹرنگ ٹیم، ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر یا ریٹرننگ آفیسر کی طرف سے رپورٹ ہونے پر نہ صرف مذکورہ خلاف ورزی کرنے والے شخص کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی بلکہ ایسی رپورٹ پر دفعہ 106 ذیلی دفعہ (5) کے تحت جس امیدوار کے حمایتی کی طرف سے خلاف ورزی کی گئی ہوگی، کے خلاف نااہلی کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور جس امیدوار یا اس کے حمایتی کی طرف سے ایسی کوئی خلاف ورزی کی گئی ہو، اسے مزید قانونی کارروائی کے بعد نااہل قرار دیا جاسکتا ہے۔

درستگی وتصحیح نام کاغذات محکمہ مال

میرا اصل نام داؤد احمد خان ولد منصب داد خان (مرحوم) ہے جبکہ محکمہ مال کے کاغذات میں محمد داؤد خان درج کیا گیا ہے۔ براہ مہربانی درستگی کی جائے۔

داؤد احمد خان ولد منصب داد خان (مرحوم) گاؤں
لنگجراں خاص، تحصیل راولاکوٹ پونچھ آزاد کشمیر

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ جس کا نمبر 8230361907768 ہے، کہیں گم ہوگیا ہے۔ جس کسی کو بھی ملے براہ مہربانی مندرجہ ذیل ایڈریس پر اطلاع کریں۔

فوزیہ صادق زوجہ الیاس خلیل ساکن کوٹیڑہ ڈاکخانہ
لنگجراں ہورنہ میرہ غربی تحصیل راولاکوٹ ضلع
پونچھ آزاد کشمیر

بقیہ 41

کرے، سب سے اگلے ہفتے پنڈی میں ملاقات ہوگی۔ علاوہ ازیں انہوں نے کہا کہ ہماری اپنی اسٹیبلشمنٹ نے ان کو کرپٹ کہا ہے، میرا سوال ہے کہ ایک دم یہی لوگ کیسے اسٹیبلشمنٹ کے لیے ٹھیک ہوگئے، مان لیتے ہیں اسٹیبلشمنٹ نے سازش نہیں کی مگر میرے خلاف تحریک عدم اعتماد تو روک سکتے تھے۔ عمران خان نے کہا کہ ہماری فیڈرل پارٹی ہے اور فیڈرل پارٹی ہی ملک کو بچا سکتی ہے ملک کی فوج ملک کو اکھٹا نہیں رکھ سکتی، انہوں نے قانون بدل کر 1100 ارب روپیہ ہضم کر لیا ہے، اس پر انہیں جو ہرجانہ ہوگا پاکستانی قوم دیکھے گی۔ سابق وزیراعظم نے مزید کہ پاکستان کی عدالتوں سے مجھے انصاف کی امید نہیں، اس لیے جیو اور میر شکیل کے خلاف امریکا، برطانیہ اور دبئی میں کیس کروں گا۔ عمران خان نے سینیٹر اعظم سواتی کے حوالے سے کہا کہ منہ بند کرنے کے لیے میاں بیوی کی ویڈیو گھر بھیجی گئی اور سینیٹر کو برہنہ کر کے تشدد کیا گیا۔

بقیہ 42

پرائیویٹ ہاسٹل میں رہائش پذیر تھا۔ جمعہ کی نماز کی ادائیگی سے پہلے اس نے گیزر آن کیا اور جمعہ کی تیاری میں مصروف تھا کہ اسی دوران گیس خارج ہونے سے جاں بحق ہو گیا لیکن کمرے میں اکیلا رہنے کی وجہ سے کسی کو علم نہ ہو سکا۔ اسی دوران اس کے گھر والے فون پر رابطہ کرتے رہے لیکن فون اٹنڈ نہ ہو سکا۔ بعد میں انہوں نے سرمد ضمید کے کلاس فیلوز سے رابطہ کیا جنہوں نے رات گیارہ بجے ہاسٹل پہنچ کر کمرے کا دروازہ توڑا تو مردہ حالت میں پایا گیا جسے ہسپتال میں لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے بھی موت کی تصدیق کی۔ اس واقعہ کی اطلاع پولیس اور کالج انتظامیہ کو بھی دی گئی۔ ورثاء نے پوسٹمارٹم کروانے سے انکار کر دیا جس کے بعد ہفتے کی صبح میت کو مظفرآباد روانہ کیا گیا جہاں پہلا نماز جنازہ گیارہ بجے گوجرہ بائی پاس جبکہ دوسرا آبائی گاؤں چڑک پورہ میں ادا کیا گئی۔ پونچھ میڈیکل کالج کے اسٹاف اور طلباء نے بھی جنازہ میں شرکت کی۔ واضع رہے کہ اس طرح کے واقعات ہر سال موسم سرما میں پیش آتے ہیں لیکن ان کے سدباب کے لیے کوئی حکمت عملی نہیں اپنائی جاتی۔

بقیہ 43

ہوگئیں، جاں بحق ہونے والے طالبات میں طیبہ قدیر دختر محمد قدیر عمر سولہ سال، عروسہ اختر عمر بیس سال، اصبا اختر عمر اٹھارہ سال دختران محمد اختر شامل ہیں، عروسہ اور اصباء دونوں حقیقی بہنیں تھیں، گاڑی نمبر MIR 395 جسے ڈرائیور محمد ظریف ولد محمد یاسین چلا رہا تھا وہ بھی حادثہ میں زخمی ہو گیا، جاں بحق طالبات کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں سرکردہ سیاسی وسماجی زعماء کرام، علماء، وکلاء، ضلعی، تحصیل افسران، ملازمین، محکمہ تعلیم کے حکام، تاجران، پروفیسرز، ڈاکٹرز، سماجی تنظیموں کے عہدیداران اور دیگر مکاتب فکر کے افراد نے شرکت کی۔

بقیہ 44

ہوگی کہ وزارت خزانہ سبسڈی دے، سبسڈی نہ دی گئی تو 100 ارب روپے کو گردشی قرض میں ڈال دیا جائے گا۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گیس کی فراہمی کے ذمہ دار ادارے سوئی ناردرن نے گیس قیمت میں اوسطا 1294 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافہ مانگ رکھا تھا۔ سوئی ناردرن نے رواں مالی سال کا خسارہ 178 ارب 81 کروڑ روپے بتایا ہے جبکہ گزشتہ سال کی مد میں بھی 295 ارب 26 کروڑ روپے کا خسارہ شامل کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ عالمی سطح پر گیس کی قیمتیں انتہائی بلند سطح پر ہیں جب کہ پاکستان میں عوام کو گیس کئی گنا کم قیمت پر فراہم کی جارہی ہے، جس کی وجہ سے گیس کے شعبے میں گردشی قرض 1500 ارب روپے تک جا پہنچا ہے۔

بقیہ 45

9 بجے دارالعلوم کورنگی میں ادا کی جائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز صدر جامعہ دارالعلوم کراچی مفتی رفیع عثمانی طویل علالت کے بعد کراچی میں انتقال کر گئے تھے، ان کی عمر 86 برس تھی۔ مرحوم، مفتی تقی عثمانی کے بڑے بھائی، جامعہ دارالعلوم کراچی کے صدر اور دارالمدارس العربیہ کے سرپرست اعلیٰ بھی تھے۔ وہ تقسیم ہند سے قبل ہندوستان کے صوبے دیوبند میں 21 جولائی 1936 کو پیدا ہوئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر۔۔۔۔شہر۔۔۔۔قریہ۔۔۔۔قریہ۔۔۔۔کی خبریں

تندیٔ باد مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کیلئے
اصولوں کا پاسدار
شرافت کا علمبردار
کردار کا غازی
بے داغ ماضی
حق وسچ کا داعی
خالد ابراہیم کا سپاہی
بلدیاتی انتخابات 2022
انتخابی نشان تلوار
نمبردار سردار محمد نذیر خان
امیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ

انہیں یہ ضد ہے مسلط رہے گی چمن پہ خزاں
ہمیں یہ جنوں ہے بہار لاکے چھوڑیں گے انشاء اللہ
جموں وکشمیر پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار برائے کونسلر وارڈ چھمرہ
انتخابی نشان تلوار
قاضی ذوالفقار
JKPP
خادم حسین
عدنان احمد

اپنے لئے تو سب ہی جیتے ہیں اس جہاں میں
ہے زندگی کا مقصد اوروں کے کام آنا
آزاد کشمیر
بلدیاتی انتخابات
پاکستان مسلم لیگ (ن)
کے نامزد امیدوار
برائے لوکل کونسلر
وارڈ: لنجگراں، میدان
سردار محمد افراز خان
آپ کے ووٹ کا صحیح حقدار
علاقے کا بہتر مستقبل
بے لوث خدمت
انتخابی نشان
VOTE
منجانب
سپورٹران وووٹران وارڈ لنجگراں، کائمان، بندھار، گلہ، میدان

آزاد کشمیر بلدیاتی انتخابات 2022
عدل منزل ہے اور عدل ہی ہے راستہ
آپ کے مسائل کا حقیقی ترجمان
سردار سیاب شریف
آزاد امیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسلر
یونین کونسل ہورنہ میرہ
بے داغ ماضی
روشن مستقبل
انتخابی نشان چھتری
آپ کے ووٹ کا اصل حقدار
منجانب
سپوٹران اہلیان ہورنہ میرہ

کوئی عروج دے نہ زوال دے بس اتنا کمال دے
کہ مجھے اپنی راہ پہ ڈال دے کہ زمانہ میری مثال دے
انتخابی نشان بلاّ
اُمیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسلر
یونین کونسل رہاڑہ
PTI
سردار محمد نعیم خان
قبیلائی تعصب سے پاک
کرپشن کے خلاف برسرپیکار
اعلیٰ تعلیم یافتہ روشن خیال
بے خوف قیادت کے لئے تیار
بے لوث خدمت
اعتدال پسندی کی مثال


جرأت کے میزان پہ حق و سچ کو تول رہے ہیں
اے سناٹوں گواہ رہنا سب چپ ہیں اور ہم بول رہے ہیں
عوامی اتحاد
یونین کونسل تھوراڑ کے متفقہ امیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسل
انتخابی نشان کار
اخوت کا پاسدار
کردار کا غازی
بے داغ ماضی
اعلیٰ تعلیم یافتہ
انتخابی نشان
کار
پروفیسر (ر)
سردار انور حسین خان
سپوٹران کارکنان عوامی اتحاد
یونین کونسل تھوراڑ سردی بھالگراں اندروٹ عزیز آباد بوسہ گلہ

For Daily Kashmir Dharti News Update
Follow u On
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti / twitter
Dailydharti/facebook
Dailydharti / Instagram
Dailydharti/group
Dailydharti / zoom
HD NEWS

Pakistan Tehreek-e-Insaf
پاکستان تحریک انصاف
27 Nov
امیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسلر
انتخابی نشان
سردار نیّر صدیق
منجانب: اہلیانِ حلقہ ووٹران و سپوٹران

میرواعظ عمر فاروق 5 اگست 2019 سے مسلسل نظر بند

تین برس سے زائد عرصے سے نظر بندی انتہائی تکلیف کا باعث

سرینگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سابق چیئرمین میرواعظ عمر فاروق 5 اگست 2019 سے مسلسل اپنے گھر میں نظر بند ہیں۔ میرواعظ عمر فاروق جموں وکشمیر میں انجمن اوقاف جامع مسجد سرینگر کے سربراہ بھی ہیں۔ جموں وکشمیر میں انجمن اوقاف جامع مسجد سرینگر نے اپنے سربراہ میرواعظ عمر فاروق کی مسلسل غیر قانونی نظر بندی اور انہیں ایک بار پھر جامع مسجد سرینگر میں نماز جمعہ (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

ملک شوکت ودیگر کا سعداللہ خان کے بھائی کے انتقال پر اظہار تعزیت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ڈائریکٹر سپورٹس اینڈ یوتھ اینڈ کلچر ملک شوکت حیات خان، پروفیسر رفاقت حسین گردیزی، آفیسر ایسوسی ایشن پونچھ کے صدر سردار زبیر ایوب، ایکسین (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی انتخابات خالد ابراہیم کا خواب تھا، سردار اسد ابراہیم

جے کے پی پی نے ہمیشہ میرٹ کی بالادستی، اصول کی سیاست کی

تھوراڑ (نمائندہ خصوصی) جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام بلدیاتی الیکشن انتخابی مہم کے سلسلہ میں یوسی تھوراڑ وارڈ بھالگراں کے مقام پر ایک بھرپور کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں سابق امیدوار اسمبلی حلقہ پانچ سردار اسد ابراہیم۔ بزرگ شخصیت نمبردار اسلم خان۔ سردار شان خان۔ عدنان ریاض ایڈووکیٹ۔ کمال خان اجمل خان۔ ارشاد خان۔ شہزاد یوسف۔ سردار شفاعت (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

سردار محمد ساجد خان، سردار ارشد خان کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے قریبی گاؤں تیالمیرہ فاریلا سے تعلق رکھنے والے سیاسی وسماجی شخصیت سردار محمد ساجد خان، سردار ارشد خان، کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں، (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

عمران خان نے گھڑیاں بیچنے میں ہیٹ ٹرک کر لی، شرجیل میمن

تحفے مہنگے داموں بیچ کر قوم اور اِنکم ٹیکس محکمے سے جھوٹ بولا، ٹویٹ

کراچی (صباح نیوز) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان نے گھڑیاں بیچنے میں ہیٹ ٹرک کر لی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ عمران خان نے توشہ خانہ سے قیمتی تحفے سستے خریدے، (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

سیکورٹی کے مسائل حل کرنے کیلئے سابق فوجیوں پر مشتمل دستے تشکیل دیئے جائیں، اعجاز افضل

دستے سول ڈیفنس کے محکمے کے تحت ہوں، بلدیاتی انتخابات میں امن وامان کی بحالی کے ساتھ کشمیر میں سیکورٹی کے نظام کو بھی سنبھالیں

اس طرح سیکورٹی کا مسئلہ بھی حل ہوگا، کسی سے سیکورٹی مانگنے کی ضرورت نہیں پیش آئے گی، آزاد خطہ سیکورٹی سے بے نیاز ہوجائے گا

اسلام آباد (پ ر) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے سابق امیر سردار اعجاز افضل خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں سیکورٹی کے مسئلے کے حل کے لیے حکومت آزاد کشمیر سابق فوجیوں پر مشتمل نیشنل سیکورٹی گارڈ کے دستے تشکیل دے جو سول ڈیفنس کے محکمے کے تحت ہوں، نیشنل سیکورٹی گارڈ بلدیاتی انتخابات میں امن وامان کی بحالی کے ساتھ ساتھ کشمیر میں سیکورٹی کے نظام کو بھی سنبھالیں، سیکورٹی کا مسئلہ بھی مستقل حل (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

قرآنی تعلیمات پر عمل کر کے ہی دنیا و آخرت میں کامیابی ممکن ہے، پیر سلطان العارفین

مرکزی جامع مسجد غوثیہ سپلائی بازار راولاکوٹ میں غوث الوریٰ کانفرنس، ضلع بھر سے علماء کرام، معروف ثناء خواں سمیع الصائم کی شرکت

ہر دور میں باطل کے سامنے کھڑا ہونا کردار حسینی ہے، آج وقت کی اہم ضرورت ہے کہ ہمیں حق سچ کا ساتھ دینا چاہیے، خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سجادہ نشین دربار عالیہ نیریاں شریف وچانسلر محی الدین سلامی یونیورسٹی نیریاں شریف پیر ڈاکٹر سلطان العارفین صدیقی کی مرکزی جامع مسجد غوثیہ سپلائی بازار راولاکوٹ میں غوث الوریٰ کانفرنس میں باحیثیت مہمان خصوصی شرکت، جس میں ضلع بھر سے علماء کرام کے علاوہ معروف ثناء خواں سمیع الصائم بھی شریک تھے۔ کانفرنس سے مہمان خصوصی پیر ڈاکٹر سلطان العارفین صدیقی مرکزی سجادہ نشین دربار عالیہ نیہریاں شریف (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

شفیق حسین اعوان بھاری اکثریت سے کامیاب ہوں گے

ستائیس نومبر کا سورج چھتری کی فتح کی نوید لیکر طلوع ہوگا، سپورٹران

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ وارڈ نمبر 20 چھڑہ سے تعلق رکھنے والے سرکردہ نوجوان رہنماؤں خضر نذر، عرفان ملک، محمد ضمیر ملک، عقیل احمد، فصیح الاسلام، اجمل بیگ، مسعود معروف، فرہاد علی نے کہا ہے کہ بلدیاتی الیکشن میں چھڑہ وارڈ سے آزاد امیدوار شفیق حسین اعوان بھاری اکثریت سے کامیاب ہوں گے، شفیق حسین کو وارڈ میں بھرپور پذیرائی ملی ہے اور (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

سردار حسن ابراہیم، خورشید راٹھور کا سعداللہ خان کے بھائی کی وفات پر اظہار تعزیت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ممبر آزاد جموں وکشمیر اسمبلی سردار حسن ابراہیم خان، ممبر کشمیر کونسل راجہ محمد خورشید راٹھور نے (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

چناری، پٹواری نے بزرگ شہری سے لاکھوں روپے ہتھیا لئے

تاریخ پر تاریخ دی گئی لیکن زمین کی فائل نہیں دی گئی، دین محمد کا الزام

چناری (خصوصی رپورٹر) محکمہ مال ہٹیاں بالا کے پٹواری چوہدری شفیق نے لائن آف کنٹرول چکوٹھی کے رہائشی بزرگ دین محمد سے زمین کی فائل دینے کے لاکھوں روپے ہتھیا لیے بزرگ شہری جب فائل لینے آئے تو پٹواری شفیق نے کہا ایک لاکھ روپے اور دو نہیں تو فائل ردی کی ٹوکری میں ڈال دوں گا۔ تفصیلات کے مطابق چکوٹھی کے رہائشی دین محمد ولد عبداللہ اور محمد ندیم معاویہ نے ڈسٹرکٹ پریس کلب ہٹیاں بالا میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 31.05.2021 کو زمین تقسیم اور نقشہ (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

الیکشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق بلدیاتی انتخابات کا پرامن انعقاد ہمارا نصب العین ہے، اسسٹنٹ کمشنر

امیدوار ضابطہ اخلاق کی پاسداری کریں حکومت امن عامہ کی صورتحال قائم رکھنے کے لئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے

بلدیاتی انتخابات کا انعقاد خوش آئند ہے مگر انتخابی فہرستوں اور پولنگ سکیموں میں بے شمار غلطیوں پر تحفظات ہیں، امیدواران

پانیولہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر راولاکوٹ پونچھ عثمان صارم اور آفیسر مال سیّد یاسر آفتاب گردیزی نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق بلدیاتی انتخابات کا پرامن انعقاد ہمارا نصب العین ہے امیدوار ضابطہ اخلاق کی پاسداری کریں حکومت امن عامہ کی صورتحال قائم رکھنے کے لئے سنجیدہ اقدامات اٹھارہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں یونین کونسل بھنا کھہ پانیولہ یونین کونسل بنگوئیں یوسی پاچھیوٹ اور تمروٹہ کے امیدواروں (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

خناق، عالمی ادارہ صحت اور یونیسف کا دوا فراہم کرنے کا فیصلہ

اینٹی ڈفتھیر یا سیرم فراہم کرنے کے انتظامات کر رہے ہیں، یونی سیف

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان میں خناق کی بیماری سے بچوں کی ہلاکتوں پر عالمی ادارہ صحت اور یونیسف نے پاکستان کو خناق کی دوا فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یونیسیف حکام کا کہنا ہے کہ خناق میں مبتلا شدید بیمار بچوں کے لیے اینٹی ڈفتھیر یا سیرم فراہم کرنے کے انتظامات کر (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

چناری، پی پی نے کارکنان کو امن کمیٹیوں کا حصہ بننے سے روک دیا

چناری (خصوصی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

کشمیری صحافیوں، وکلا سمیت کئی سرکردہ شہریوں کے گھروں پر چھاپے

سری نگر، اسلام آباد اور کولگام اضلاع میں 10 مقامات پر گھروں کی تلاشی

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فورسز نے کشمیری صحافیوں، وکلا سمیت کئی سرکردہ شہریوں کے گھروں پر چھاپے مارے ہیں۔ پولیس اور پیرا ملٹری اہلکاروں کے ہمراہ سری نگر، اسلام آباد اور کولگام اضلاع میں کم از کم 10 مقامات پر گھروں کی تلاشی لی۔ سری نگر میں رنگرٹھ، نوشہرہ، حول، زینہ کوٹ، خانیار اور رعناواری علاقوں میں تلاشی لی جارہی ہے۔ پولیس کی ٹیمیں صحافیوں وسیم راجہ، حکیم راشد مقبول اور مختار احمد بابا کے علاوہ ایڈووکیٹ ابو عادل پنڈت اور عام شہریوں، سجاد احمد شیخ، نذیر احمد شاہ اور سجاد احمد کرالیاری (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

حکومت انتخابات کروانے میں ناکام نظر آرہی ہے، ابرار حقانی

انتخابات میں پاک فوج کے زیرنگرانی ہی امن عامہ کا قیام ممکن ہے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) امن و امان کا بوجھ موجودہ بلدیاتی انتخابات میں سیاسی وسماجی کارکنوں اور سابق ریٹائرڈ پولیس اور فوجی جوانوں پر ڈالنا موجودہ حکومت کی آزادنہ منصفانہ انتخابات کروانے میں مکمل ناکامی نظر آرہی ہے۔ یہ 31 سالوں کے بعد ہونے والے حساس الیکشن میں امن وامان صرف پاک افواج کی ہی نگرانی میں ممکن ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سردار ابرار حقانی ممبر سنٹرل ایگزیکٹو کونسل پاکستان پیپلز پارٹی نے کیا اور کہا کہ یہ حکومت وقت کی ذمہ داری تھی کہ وہ وفاق سے سیکورٹی فورسز دینے کا نوٹیفکیشن 15 نومبر سے پہلے کنفرم کروالیتی۔ زبانی جمع خرچ و دعوؤں پر اب با شعور عوام یقین (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی انتخابات کا انعقاد یقینی بنانے کیلئے حکومت سنجیدگی سے اقدامات کرے، نمبردار نذیر

بلدیاتی انتخابات کا التواء حکومت کی ناکامی ہوگی، امیدواران کی جانب سے بھرپور انتخابی مہم چلائی جارہی ہے لیکن حکومت غیر سنجیدہ ہے

عوام اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، یونین کونسل اور حلقہ کی عوام کو کبھی مایوس نہیں کریں گے، امیدوار ڈسٹرکٹ کونسلر کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جموں وکشمیر پیپلز پارٹی کے صدر وامیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ نمبردار سردار محمد نذیر خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کا التوا حکومت کی ناکامی ہو گی، امیدواران کی جانب سے بھرپور انتخابی مہم چلائی جا رہی ہے لیکن حکومت غیر سنجیدہ ہے، تا حال بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے انتظامات مکمل نہیں کیے گئے ہیں جو حکومت کے دعوؤں کے منافی ہے، حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

خلاف ضابطہ اقدامات پر سپریم کورٹ سے رجوع کرینگے

آزاد کشمیر الیکشن کمیشن حکومت کے ہاتھوں یرغمال ہے، طارق فاروق

میرپور (صباح نیوز) سابق سینئر وزیر آزاد حکومت وسیکرٹری جنرل مسلم لیگ ن آزاد کشمیر چوہدری طارق فاروق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر الیکشن کمیشن حکومت کے ہاتھوں مکمل یرغمال ہے۔ میرپور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر حکومت سیکیورٹی کے لیے سنجیدہ نہیں ہے وفاق کو بہت تاخیر سے سیکیورٹی کی فراہمی کی تحریک کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع یا ڈویژن وائز الیکشن قبول نہیں ہیں ایک دن الیکشن ہونے چاہئے آزاد کشمیر انتظامیہ اس بات کی اہل ہی نہیں ہے کہ وہ الیکشن کرواسکے۔ الیکشن کمیشن کی تشکیل کے وقت وزیراعظم کو کہا تھا کہ آپ نے غلط لوگوں کو تعینات کیا (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

لبریشن فرنٹ کا یاسین ملک سمیت جملہ اسیران کی رہائی کا مطالبہ

سنٹرل انفارمیشن آفس میں شہدائے عالی کدل کی یاد میں دعائیہ تقریب

راولپنڈی (کے پی آئی) جموں کشمیر لبریشن فرنٹ کے تحت راولپنڈی میں شہدائے عالی کدل کی 30 ویں برسی کے موقع پر تقریب منعقد کی گئی ترجمان کے مطابق سنٹرل انفارمیشن آفس میں شہدائے عالی کدل کی یاد میں منعقدہ دعائیہ تقریب میں شرکا نے بابائے قوم محمد مقبول بٹ شہید اور قائد تحریک امان اللہ خان مرحوم کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے بھارتی تہاڑ جیل میں محبوس ریاست جموں کشمیر کے ہردلعزیز قومی رہنما، قائد انقلاب وچیئرمین جموں کشمیر لبریشن فرنٹ محمد یاسین ملک اور عمر قید کی سزا (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی الیکشن
2022
پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار
برائے کونسلر
میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ
وارڈ نمبر 01 سٹی راولاکوٹ
انتخابی نشان
تیر
سردار ظفر محمود اشرف

چیف ایڈیٹر وپبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com